www.dailypakistanbulletin.pk

کراچی اور ٹھٹھہ سے شائع ہونے والا مقبول اخبار ...

Daily Pakistan Bulletin Karachi

ABC Certified

روزنامہ پاکستان بلیٹن کراچی

چیف ایڈیٹر: سراج احمد

جلد نمبر 11 | جمعہ 17 اپریل 2026ء بمطابق 28 شوال 1447ھ | شمارہ 262 | قیمت 10 روپے

پاک بحریہ کا مقامی طور پر تیار کردہ اینٹی شپ میزائل کا کامیاب تجربہ

کامیاب تجربہ بحری دفاع اور ٹیکنالوجی میں اہم سنگِ میل ہے، امیر البحر ایڈمرل نوید اشرف نے سینئر سائنسدانوں اور انجینئرز کے ہمراہ اس میزائل فائرنگ کا مشاہدہ کیا

صدرِ مملکت آصف زرداری، وزیراعظم شہباز شریف اور عسکری قیادت نے مقامی طور پر تیار کردہ اینٹی شپ میزائل کے کامیاب تجربہ پر مبارکباد دی، آئی ایس پی آر

یہ تجربہ دفاعی شعبے میں ایک اہم سنگ میل ہے اور سمندری سرحدوں کے دفاع کے لیے ایک قابل اعتماد قدم ثابت ہوگا، وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی

راولپنڈی (ویب ڈیسک) پاک بحریہ کی جانب سے مقامی طور پر تیار کردہ جہاز سے داغے جانے والے اینٹی شپ میزائل کا کامیاب تجربہ کیا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق میزائل نے تیز رفتاری کے ساتھ طویل فاصلے پر اپنے ہدف کو انتہائی درستی سے نشانہ بنایا، میزائل جدید گائیڈنس سسٹم اور اعلیٰ رفتار سے لیس ہے، دور تک ہدف کو نشانہ بنانے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ امیر البحر ایڈمرل نوید اشرف نے سینئر سائنسدانوں اور انجینئرز کے ہمراہ اس میزائل فائرنگ کا مشاہدہ کیا، کامیاب تجربہ بحری دفاع اور ٹیکنالوجی میں اہم سنگ میل ہے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق یہ کامیاب تجربہ پاکستان نیوی کی دفاعی صلاحیتوں میں اہم پیش رفت کی عکاسی کرتا ہے۔ صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم شہباز شریف اور عسکری قیادت نے مقامی طور پر تیار کردہ اینٹی شپ میزائل .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 30

وزیراعظم کی امیر قطر سے ملاقات، دفاع اور توانائی میں تعاون بڑھانے پر اتفاق

ملاقات کے دوران دونوں رہنماؤں کے درمیان گرمجوش اور برادرانہ گفتگو ہوئی، وزیراعظم شہباز شریف نے قطری جنگی طیاروں کی جانب سے پاکستانی طیارے کو سکواڈ کی صورت میں دیے گئے استقبال پر شکریہ ادا کیا اور قطر کی مہمان نوازی کو سراہا

خطے کی صورتحال، خصوصاً خلیجی خطے میں امن و استحکام پر تفصیلی تبادلہ خیال، مذاکرات اور باہمی تعاون کے ذریعے مسائل کے حل کی ضرورت پر زور، وزیراعظم نے قطر اور دیگر ممالک پر حملوں کی شدید مذمت کرتے ہوئے قطری عوام کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کیا

دوحہ (ویب ڈیسک) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے قطر کے امیر شیخ تمیم بن حمد الثانی سے ملاقات کی، جس میں باہمی دلچسپی کے امور، دوطرفہ تعلقات اور خطے کی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران دونوں رہنماؤں کے درمیان گرمجوش اور برادرانہ گفتگو ہوئی، وزیراعظم نے قطری جنگی طیاروں کی جانب سے پاکستانی طیارے کو سکواڈ کی صورت میں دیے گئے استقبال پر شکریہ ادا کیا اور قطر کی مہمان نوازی کو سراہا۔ گفتگو میں خطے کی صورتحال، خصوصاً خلیجی خطے میں امن و استحکام پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا، جبکہ مذاکرات اور باہمی تعاون کے ذریعے مسائل کے حل کی ضرورت پر زور دیا گیا۔ وزیراعظم نے قطر اور دیگر ممالک پر حملوں کی شدید مذمت کرتے ہوئے قطری عوام کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کیا۔ دونوں ممالک کے درمیان سکیورٹی، دفاع اور توانائی کے شعبوں میں تعاون بڑھانے پر بھی اتفاق کیا گیا، جبکہ پاکستان اور خلیجی ممالک کے دیرینہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ قبل ازیں، وزیراعظم محمد شہباز شریف اپنے سرکاری دورے پر قطر کے دارالحکومت دوحہ پہنچے، جہاں ان کا پرتپاک استقبال کیا گیا۔ وزیراعظم آفس کے مطابق دوحہ پہنچنے پر قطر کے وزیر مملکت برائے خارجہ امور سلطان بن سعد المریخی نے وزیراعظم اور ان کے وفد کا استقبال کیا، .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 37

وزیراعظم کی روضہ رسول ﷺ پر حاضری، نوافل کی ادائیگی

گورنر شہزادہ سلمان بن سلطان بن عبدالعزیز آل سعود نے وزیراعظم کا گرمجوشی سے استقبال کیا

وزیراعظم اور پاکستانی وفد کے لیے روضہ رسول ﷺ کے دروازے خاص طور پر کھولے گئے

مدینہ منورہ (ویب ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف نے مدینہ منورہ میں روضہ رسول ﷺ پر حاضری دی اور ملک و قوم کی ترقی، خوشحالی، معاشی استحکام سمیت دنیا بھر میں امن و آشتی کے لیے خصوصی دعائیں مانگیں۔ تفصیلات کے مطابق وزیراعظم محمد شہباز شریف .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 39

وزیراعظم شہباز شریف نے گورنر مدینہ شہزادہ سلمان بن سلطان بن عبدالعزیز آل سعود سے ملاقات کی

امریکا کی ڈیل نہ کرنے پر ایران کو دوبارہ حملوں کی دھمکی

ایران کہتا ہے کہ وہ آبنائے ہرمز کنٹرول کر رہا ہے، لیکن اس کی اپنی کوئی بحریہ نہیں، تجارتی جہازوں کو نشانہ بنانے کی دھمکی کنٹرول نہیں، یہ بحری قزاقی ہے

آبنائے ہرمز پر ناکہ بندی برقرار، ایران کیلئے پیغام ہے، ہم آپ پر نظر رکھے ہوئے ہیں، امریکی اب بھی پہلے کی طرح مضبوط ہے

ایران کو بتایا کہ ہم جانتے ہیں کہ آپ کون سے فوجی اثاثے منتقل کر رہے ہیں، اپنے فیصلے ایران کو عقلمندی سے کرنا ہوں گے، امریکی وزیر جنگ

ایران کے خلاف کسی بھی ممکنہ کارروائی کے لیے مکمل طور پر تیار ہے اور ایران کی مدد کرنے والے کسی بھی جہاز کا بھی تعاقب کیا جائیگا، جنرل ڈین کین

واشنگٹن (ویب ڈیسک) امریکی وزیر جنگ پیٹ ہیگسیتھ کا کہنا ہے کہ اگر ایران نے معاہدہ نہیں کیا تو امریکی افواج دوبارہ جنگی کارروائیاں کرنے کیلئے تیار ہیں۔ پینٹاگون میں جنرل ڈین کین کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے امریکی وزیر جنگ نے کہا کہ ایران کیلئے پیغام ہے، ہم آپ پر نظر رکھے ہوئے ہیں، ایرانیوں کو معلوم ہونا چاہیے کہ ہماری اور ان کی صلاحیتوں کا کوئی مقابلہ نہیں، امریکی اب بھی پہلے کی طرح مضبوط ہے۔ امریکی وزیر جنگ نے کہا کہ ایران کو بتایا کہ ہم جانتے ہیں کہ آپ کون سے فوجی اثاثے منتقل کر رہے ہیں، اپنے فیصلے ایران کو عقلمندی سے کرنا ہوں گے، کسی بھی صورت ایران جوہری ہتھیار نہیں رکھ سکتا، مذاکراتی ٹیم ایران کے ساتھ بات چیت کر رہی ہے، ڈیل نہ ہوئی تو ہماری فورسز جنگ کے لیے تیار ہیں۔ پیٹ ہیگسیتھ نے کہا کہ ایران کہتا ہے کہ وہ آبنائے .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 26

پاکستانی قیادت کشیدگی میں کمی کیلئے مثبت کردار ادا کر رہی ہے، وزیر خزانہ

وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سنجیدہ کوششوں میں مصروف ہیں، امریکی ٹی وی کو انٹرویو

پاکستان نے خطے کی کشیدہ صورتحال کے پیش نظر ضروری اقدامات کیے، وفاقی وزیر خزانہ

واشنگٹن (ویب ڈیسک) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا کہ پاکستانی قیادت خطے میں کشیدگی کم کرنے کیلئے مثبت کردار ادا کر رہی ہے۔ وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے امریکی نیوز چینل کے پروگرام میں گفتگو کہا کہ اسلام آباد مذاکرات کے دوسرے مرحلے کیلئے پرعزم ہیں، وزیراعظم .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 32

قطری وزیر مملکت برائے امور خارجہ سلطان بن سعد المریخی نے وزیراعظم شہباز شریف کا خیر مقدم کیا

دنیا شہری تنصیبات پر امریکی اسرائیلی حملوں کا نوٹس لے، ایرانی صدر

تہران (ویب ڈیسک) ایران کے صدر ڈاکٹر مسعود پزشکیان نے کہا ہے کہ دنیا کو امریکا اور اسرائیل کے شہری تنصیبات پر حملوں کا نوٹس لینا چاہیے۔ ایرانی صدر نے کہا کہ .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 42

کراچی: وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ سندھ کابینہ کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں



توانائی کے شعبے میں نااہلی کی سزا عوام اور صنعت کار بھگت رہے ہیں، حافظ نعیم الرحمان

لاہور (ویب ڈیسک) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمان نے ملک بھر میں جاری بدترین لوڈشیڈنگ پر حکومت کو کڑی تنقید کا نشانہ بنایا ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ عوام .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 43

تہران میں فیلڈ مارشل عاصم منیر کی اسپیکر باقر قالیباف سے ملاقات

تہران میں ہونے والی ملاقات میں دونوں رہنماؤں نے باہمی امور پر گفتگو کی

تہران (ویب ڈیسک) فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے ایرانی پارلیمنٹ کے اسپیکر باقر قالیباف سے ملاقات کی۔ ایرانی ذرائع ابلاغ کے مطابق یہ ملاقات تہران میں ہوئی جہاں دونوں رہنماؤں نے باہمی امور پر گفتگو کی۔ اس سے ایک روز قبل سید عاصم منیر کی ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی سے بھی ملاقات ہو چکی ہے۔ عباس عراقچی نے پاکستان کی جانب سے مذاکرات کی میزبانی پر شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ خطے میں امن اور استحکام کے فروغ کے لیے دونوں ممالک کا عزم مضبوط اور .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 29

سندھ کابینہ

گورننس، معیشت، تعلیم اور عوامی بہبود میں بڑی اصلاحات کی منظوری

خطے میں کشیدگی بڑھی ہے تو تیل و گیس کی سپلائی پر مزید اثر پڑیگا، حکام

سینیٹر منظور کاکڑ کی صدارت میں سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے پیٹرولیم کا اجلاس منعقد ہوا

اسلام آباد (ویب ڈیسک) پیٹرولیم ڈویژن کے حکام نے کہا ہے کہ اگر خطے میں کشیدگی بڑھتی ہے تو تیل و گیس کی سپلائی پر مزید اثر پڑے گا۔ سینیٹر منظور کاکڑ کی صدارت میں سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے پیٹرولیم کا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ملک میں درآمدی گیس اور تیل کے بارے میں متعلقہ حکام نے بریفنگ دی۔ حکام پیٹرولیم ڈویژن نے کہا کہ اگر کشیدگی بڑھتی ہے تو سپلائی پر اثر مزید پڑے گا، پاکستان کے پاس زیادہ تر پیٹرولیم مصنوعات گلف سے آتی ہیں، چین کے لیے .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 36

پاکستان کو سعودی عرب سے 2 ارب ڈالر موصول، رول اوور کی پابندی بھی ختم

موجودہ 5 ارب ڈالر کا ڈپازٹ اب سالانہ بنیاد پر رول اوور کا پابند نہیں رہے گا

کراچی (ویب ڈیسک) پاکستان کو سعودی عرب سے دو ارب ڈالر کے ڈپازٹ موصول ہوگئے۔ سٹیٹ بینک آف پاکستان نے اس بات کی تصدیق کی ہے کہ سعودی عرب سے دو ارب ڈالر پاکستان کو موصول ہوگئے ہیں، سعودی عرب نے 5 ارب ڈالر ڈپازٹ کو طویل مدت کیلئے توسیع بھی دے دی ہے۔ ذرائع وزارت خزانہ کے مطابق سعودی عرب کا موجودہ 5 ارب ڈالر کا ڈپازٹ اب سالانہ بنیاد پر رول اوور کا پابند نہیں رہے گا بلکہ اسے طویل مدت کے لیے بڑھا .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 38

منگل کے روز واشنگٹن ڈی سی میں اسرائیل اور لبنان کے نمائندوں کی 34 سال بعد پہلی ملاقات ہوئی، جس میں امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو بھی شریک تھے

جے ڈی وینس، مارکو روبیو اور چیئرمین جوائنٹ چیفس آف اسٹاف ڈین کین کو ہدایت دی اسرائیل اور لبنان کے ساتھ مل کر دیرپا امن کے لیے کام کریں

لبنان کے صدر جوزف عون اور اسرائیلی وزیراعظم بنیامین نیتن یاہو کے ساتھ انتہائی شاندار گفتگو کی، امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کا جاری بیان

واشنگٹن (ویب ڈیسک) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے لبنان میں 10 روز کیلئے جنگ بندی کا اعلان کر دیا۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ انہوں نے لبنان کے صدر جوزف عون اور اسرائیلی وزیراعظم بنیامین نیتن یاہو کے ساتھ انتہائی شاندار گفتگو کی ہے۔ سوشل میڈیا پر اپنے بیان میں ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ دونوں رہنماؤں نے اپنے ممالک کے درمیان امن کے حصول .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 35

پاکستان امریکا اور ایران کے درمیان ثالثی کا اہم کردار ادا کر رہا ہے، دفتر خارجہ

21 گھنٹوں پر مبنی مذاکراتی عمل مجموعی طور پر تعمیری رہا، پاکستان خطے میں امن کیلئے پرعزم ہے

نائب وزیراعظم اسحاق ڈار اور ان کی ٹیم امن مذاکرات کے انعقاد کیلئے کوشاں رہی

اسلام آباد (ویب ڈیسک) دفتر خارجہ نے کہا ہے کہ پاکستان امریکا اور ایران کے درمیان ثالثی کا اہم کردار ادا کر رہا ہے، 21 گھنٹوں پر مبنی مذاکراتی عمل مجموعی طور پر تعمیری رہا، پاکستان خطے میں امن کیلئے پرعزم ہے۔ وزارت خارجہ کے ترجمان طاہر حسین اندرابی نے ہفتہ وار .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 28

وزیراعظم شہباز شریف نے مسجد نبوی میں روضہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کی

ٹرمپ کا لبنان میں 10 روزہ جنگ بندی کا اعلان

چیف جسٹس آف پاکستان کی زیر صدارت ٹیکس لیگیشن ریفارمز پر اعلیٰ سطح کا مشاورتی اجلاس، یحییٰ آفریدی نے بطور چیئرمین نیشنل جوڈیشل پالیسی میکنگ کمیٹی اجلاس کی صدارت کی

طے شدہ معاملات پر سرکاری محکمے اپیلیں دائر کرنے سے گریز کریں، ریاست کو ایک منصفانہ اور ذمہ دار مدعی کے طور پر کام کرنا چاہیے، جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب

اسلام آباد (ویب ڈیسک) چیف جسٹس آف پاکستان یحییٰ آفریدی نے کہا کہ ٹیکس تنازعات کا موثر حل عوامی اعتماد اور بہتر طرز حکمرانی کے لیے ناگزیر ہے۔ چیف جسٹس آف پاکستان یحییٰ آفریدی کی زیر صدارت ٹیکس لیگیشن ریفارمز پر اعلیٰ سطح کا مشاورتی اجلاس ہوا، چیف جسٹس نے بطور چیئرمین نیشنل جوڈیشل پالیسی میکنگ کمیٹی اجلاس کی صدارت کی۔ اجلاس کا مقصد ٹیکس مقدمات کے جلد فیصلے، ہم آہنگی اور کارکردگی میں بہتری لانا ہے۔ جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب نے ٹیکس لیگیشن میں طریقہ کار کی رکاوٹوں پر مبنی اپنے حالیہ فیصلے سے فورم کو آگاہ کیا۔ جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب نے کہا کہ طے شدہ معاملات پر سرکاری محکمے اپیلیں دائر کرنے سے گریز کریں، ریاست کو ایک منصفانہ اور ذمہ دار مدعی کے طور پر کام کرنا .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 34

ٹیکس تنازعات کا موثر حل ناگزیر ہے، چیف جسٹس

پولیس اسٹیشن کھمبرا کی نئی عمارت اور ایمرجنسی کیمپ کے لیے اراضی کی الاٹمنٹ، روہڑی ریلوے اسٹیشن کی اپ گریڈیشن کیلئے 497.574 ملین روپے کے فنڈز کی منظوری

کسانوں کے اشتراک کے لیے "سندھ فارمرز زرعی کلیکٹو ایکٹ 2026" کے مسودے کی منظوری، گوگل کے تعاون سے طلبا کے لیے 19,200 اسکالرشپس کا اعلان

کراچی (پ ر) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ کی صدارت میں سندھ کابینہ نے پالیسی فیصلوں کے ایک سلسلے کی منظوری دی جس میں متوفی کوٹہ کی بحالی، وسائل کے اجتماعی استعمال کے ذریعے کسانوں کو بااختیار بنانے کے اقدامات، درآمدی اشیا کے لیے لیٹرز آف کریڈٹ (LCs) کھولنے اور پراسیس کرنے کے لیے سندھ بینک کو بااختیار بنانا، لیاری ندی کو ٹی ایم سی (TMC) لیاری کے دائرہ اختیار میں لانا، اور روہڑی ریلوے اسٹیشن کی اپ گریڈیشن کے لیے 497.574 ملین روپے جاری کرنے سمیت دیگر امور شامل ہیں۔ وزیراعلیٰ ہاؤس میں منعقدہ اجلاس میں صوبائی وزرا، مشیران، معاونین خصوصی، چیف سیکریٹری، وزیراعلیٰ سندھ کے پرنسپل سیکریٹری اور دیگر سینئر افسران نے شرکت کی۔ کابینہ نے ملازمت کی پالیسی، .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 31

بجلی کی غیر اعلانیہ بندش کے ساتھ ساتھ انٹرنیٹ لوڈشیڈنگ بھی شروع

اسلام آباد (ویب ڈیسک) ملک میں بڑھتی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ سے ٹیلی کام سیکٹر و صارفین بری طرح متاثر ہو رہے ہیں جبکہ بجلی کی غیر اعلانیہ بندش کے ساتھ ساتھ "انٹرنیٹ لوڈشیڈنگ" بھی شروع ہو گئی۔ ملک بھر میں بجلی کی .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 27

ملکی کرنٹ اکاؤنٹ میں 1 ماہ میں 363 فیصد اضافہ

کراچی (ویب ڈیسک) اسٹیٹ بینک آف پاکستان سے ملکی معیشت کیلئے دوسری بڑی خبر آ گئی، ملکی کرنٹ اکاؤنٹ 1 ماہ میں 363 فیصد بڑھ گیا ہے۔ کے مطابق سٹیٹ .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 25

کراچی: وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ محکمہ بااختیار افراد باہم معذوری کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

Daily Pakistan Bulletin Karachi
روزنامہ پاکستان بلیٹن کراچی
ABC Certified
چیف ایڈیٹر: سراج احمد — مینیجنگ ایڈیٹر: کاشر مصطفی
پبلشر محمد حنیف نے الآصف پرنٹنگ پریس آئی آئی چندریگر روڈ سے چھپوا کر آفس نمبر 42، تھرڈ فلور، ہینڈی کرافٹ بلڈنگ، عبداللہ ہارون روڈ صدر کراچی سے شائع کیا۔
☎ 021-35210448
021-36450295
021-35210448
pakistanbulletinkarachi@gmail.com
pakbulletin.786@gmail.com
www.dailyPakistanbulletin.pk

پنجاب پولیس پاکستان ایپ کا افتتاح

پنجاب کے شہری اب شناختی کارڈ، پاسپورٹ، ڈرائیونگ لائسنس اور دیگر ضروری کاغذات کی گمشدگی کی رپورٹ گھر بیٹھے درج کرا سکتے ہیں۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے ''پنجاب پولیس پاکستان ایپ'' کا باقاعدہ افتتاح کر دیا ہے۔ اس ایپ پر اندراج کے بعد گمشدگی کی رپورٹ شہریوں کو گھر پر ہی موصول ہو جائے گی۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے ایپ کے اجرا پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے عوام کے لیے آسانیاں پیدا کرنا ہماری حکومت کا عزم ہے، اور پنجاب کو جدت کی راہ پر گامزن کرنا ہماری اولین ترجیح ہے۔ اس ایپ کے ذریعے گمشدگی رپورٹ درج کرانے سے شہریوں کے وقت اور وسائل دونوں کی بچت ہوگی۔ اسی سلسلے کو آگے بڑھاتے ہوئے دیگر جرائم اور معاملات کی ایف آئی آر بھی اسی طرز پر درج کرنے کا موثر نظام قائم کیا جا سکتا ہے۔ ماضی میں روایتی پولیس کلچر کے باعث عام لوگوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا تھا، تاہم مریم نواز شریف کی قیادت میں پنجاب حکومت نے اس جانب خصوصی توجہ دی ہے۔ پولیس کی کارکردگی بہتر بنانے کے لیے اس سے قبل بھی کئی اقدامات کیے گئے ہیں، جن میں پولیس اہلکاروں کی یونیفارم پر کیمرے نصب کرنا ایک اہم قدم ہے۔ اس اقدام سے اہلکاروں کی کارکردگی کی خودکار نگرانی ممکن ہو سکے گی اور وہ عناصر بھی قابو میں آئیں گے جو اپنی ذمہ داریاں درست طریقے سے ادا کرنے کے بجائے دیگر سرگرمیوں میں ملوث رہتے تھے۔ ایف آئی آر، جو کبھی عام آدمی کے لیے درج کروانا ایک مشکل اور بعض اوقات ناممکن مرحلہ بن جاتی تھا، مریم نواز کے وزیر اعلیٰ بننے کے بعد ان مشکلات میں نمایاں کمی آئی ہے، اب اس ایپ کے ذریعے مزید آسانی پیدا ہوگئی ہے۔ ایسے اقدامات نہ صرف ایف آئی آر کے اندراج کو آسان بناتے ہیں بلکہ جرائم کے خاتمے میں بھی موثر کردار ادا کر سکتے ہیں۔ اگر پنجاب حکومت کے اس ماڈل کو دیگر صوبے بھی اپنا ئیں تو وہاں بھی جرائم میں کمی لانے میں مددمل سکتی ہے۔

امن کو درپیش چیلنجز اور پاکستان کا کردار

عمران الحق

دنیا ایک بار پھر ایک ایسے نازک موڑ پر کھڑی ہے جہاں سفارتی کوششوں کی ناکامی نہ صرف علاقائی بلکہ عالمی سطح پر خطرناک نتائج کا پیش خیمہ بن سکتی ہے۔ پاکستان کی کاوشوں سے امریکہ اور ایران کے درمیان دو ہفتوں کے لیے جنگ بندی پر اتفاق اور اسلام آباد میں مذاکرات کا انعقاد بلاشبہ ایک مثبت پیش رفت تھی۔ یہ پاکستان کی متوازن خارجہ پالیسی اور امن کے لیے اس کے سنجیدہ کردار کا مظہر تھا۔ تاہم 21 گھنٹوں تک جاری رہنے والے یہ طویل مذاکرات کسی ٹھوس نتیجے کے بغیر ختم ہو جانا ایک تشویشناک امر ہے، جو اس بات کی عکاسی کرتا ہے کہ عالمی طاقتیں ابھی تک سنجیدہ اور پائیدار امن کے قیام کے لیے یکسو نہیں ہو سکیں۔ اسلام آباد کے سیرینا ہوٹل میں ہونے والے ان مذاکرات سے عالمی برادری کو خاصی امیدیں وابستہ تھیں۔ امریکی نائب صدر کی پریس کانفرنس میں دیے گئے بیانات سے یہ تاثر ملا کہ امریکہ اپنی شرائط پر قائم رہا اور اس نے اپنے مؤقف میں خاطر خواہ لچک نہیں دکھائی۔ یہ ہماری حتمی اور بہترین پیشکش جیسے الفاظ دراصل ایک ایسے رویے کی نشاندہی کرتے ہیں جو مذاکرات کے عمل کو یکطرفہ بنانے کا سبب بنتا ہے۔ دوسری جانب ایران کے خبر رساں ادارے نے بھی یہی مؤقف اختیار کیا کہ امریکی مطالبات حد سے زیادہ تھے اور انہی کی وجہ سے کسی مشترکہ فریم ورک تک پہنچنا ممکن نہ ہو سکا۔

امریکہ بات چیت کی طاقت کے بجائے عسکری طاقت کے استعمال پر زیادہ انحصار کر رہا ہے۔ امریکہ اور اس کے اتحادیوں کی پالیسیوں پر طویل عرصے سے یہ تنقید کی جاتی رہی ہے کہ وہ اپنے مفادات کے حصول کے لیے مشرق وسطیٰ کو ایک تجربہ گاہ کے طور پر استعمال کرتے ہیں۔ عراق، افغانستان، شام اور اب ایران کے حوالے سے بڑھتی ہوئی کشیدگی اسی سلسلے کی کڑیاں ہیں۔ ان تنازعات نے نہ صرف لاکھوں جانیں لیں بلکہ پورے خطے کو عدم استحکام کا شکار کر دیا۔ ایران، جو ایک خودمختار ریاست ہے، اس کے خلاف کسی بھی قسم کی جارحیت بین الاقوامی قوانین اور اقوام متحدہ کے چارٹر کی کھلی خلاف ورزی ہے۔ عالمی اصولوں کے مطابق ہر ریاست کو اپنی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کے تحفظ کا حق حاصل ہے۔ اگر بڑی طاقتیں خود ہی ان اصولوں کو پامال کریں تو عالمی نظام کی ساکھ متاثر ہوتی ہے اور کمزور ممالک کے لیے انصاف کا حصول مزید مشکل ہو جاتا ہے۔ پاکستان کے لیے یہ صورتحال خاص اہمیت کی حامل ہے۔ ایران ہمارا ہمسایہ ملک ہے اور دونوں ممالک کے درمیان تاریخی، ثقافتی اور مذہبی تعلقات موجود ہیں۔ خطے میں کسی بھی قسم کی کشیدگی براہ راست پاکستان کے امن اور معیشت پر اثرانداز ہو سکتی ہے۔ ایسے میں پاکستان کا یہ کردار کہ وہ دونوں فریقین کو مذاکرات کی میز پر لانے میں کامیاب ہوا، نہایت قابل ستائش ہے۔ یہ اس بات کا ثبوت ہے کہ پاکستان نہ صرف ایک ذمہ دار ریاست ہے بلکہ وہ خطے میں امن و استحکام کے لیے فعال کردار ادا کرنے کی صلاحیت بھی رکھتا ہے۔ تاہم یہ حقیقت بھی نظرانداز نہیں کی جا سکتی کہ صرف مذاکرات کا انعقاد کافی نہیں، بلکہ ان مذاکرات کو کامیاب بنانے کے لیے تمام فریقین کو سنجیدگی، لچک اور باہمی احترام کا مظاہرہ کرنا ہوتا ہے۔ امریکہ کو چاہیے کہ وہ اپنی پالیسیوں میں توازن پیدا کرے اور دیگر ممالک کی خودمختاری کا احترام کرے۔ اسی طرح ایران کو بھی سفارتی عمل کو جاری رکھنے کے لیے مثبت رویہ اپنانا ہوگا تاکہ کسی درمیانی راستے تک پہنچا جا سکے۔ عالمی برادری کا کردار بھی اس موقع پر انتہائی اہم ہے۔ اقوام متحدہ اور دیگر بین الاقوامی اداروں کو چاہیے کہ وہ اس تنازعے کے حل کے لیے فعال کردار ادا کریں۔ اگر عالمی قوتیں محض تماشائی بنی رہیں تو یہ کشیدگی مزید بڑھ سکتی ہے، جس کے نتائج پوری دنیا کو بھگتنا پڑ سکتے ہیں۔ آبنائے ہرمز کی بندش، تیل کی قیمتوں میں اضافہ، عالمی معیشت پر دباؤ اور نئے فوجی تنازعات جیسے خطرات کسی سے پوشیدہ نہیں۔ یہ بھی ضروری ہے کہ مسلم دنیا اس معاملے پر متحد ہو کر ایک واضح اور مضبوط مؤقف اختیار کرے۔ ایران کے خلاف کسی بھی جارحیت کو روکنے کے لیے مشترکہ سفارتی کوششیں کی جائیں اور خطے میں امن کے قیام کو یقینی بنایا جائے۔ بدقسمتی سے مسلم دنیا کی باہمی تقسیم بھی ان مسائل کو مزید پیچیدہ بنا دیتی ہے، جس کا فائدہ بڑی طاقتیں اٹھاتی ہیں۔

میں سمجھتا ہوں کہ موجودہ حالات میں پاکستان کے لیے یہ ایک موقع ہے کہ وہ ایک امن پسند اور ذمہ دار ریاست کے طور پر اپنی ساکھ کو مزید مضبوط کر سکتا ہے۔ بس کرنا یہ ہے کہ اس نازک صورتحال میں نہایت دانشمندی اور توازن کے ساتھ اپنی پالیسیوں کو آگے بڑھانا ہوگا۔ حکومت پاکستان کو چاہیے کہ وہ اپنی سفارتی کوششوں کو جاری رکھے، دیگر ممالک کے ساتھ روابط کو مضبوط کرے اور اس بات کو یقینی بنائے کہ پاکستان کسی بھی ممکنہ بحران کے منفی اثرات سے محفوظ رہے۔ آخر میں یہ کہنا بے جا نہ ہوگا کہ امریکہ اور ایران کے درمیان مذاکرات کی ناکامی ایک لمحہ فکریہ ہے۔ یہ ہمیں یاد دلاتی ہے کہ امن کا حصول صرف بیانات یا وقتی اقدامات سے ممکن نہیں بلکہ اس کے لیے مستقل مزاجی، خلوص نیت اور باہمی اعتماد کی ضرورت ہوتی ہے۔ اگر عالمی طاقتیں واقعی دنیا کو ایک محفوظ اور مستحکم جگہ بنانا چاہتی ہیں تو انہیں اپنی پالیسیوں پر نظرثانی کرنا ہوگی اور طاقت کے بجائے مذاکرات اور انصاف کو ترجیح دینا ہوگی۔ دنیا مزید کسی جنگ کی متحمل نہیں ہو سکتی۔ اب وقت آ گیا ہے کہ تمام فریقین اپنی انا کو بالائے طاق رکھتے ہوئے انسانیت کے وسیع تر مفاد میں فیصلے کریں۔ اگر ایسا نہ کیا گیا تو تاریخ ہمیں ایک بار پھر اسی انجام کی طرف لے جائے گی جہاں نقصان صرف کمزوروں کا نہیں بلکہ پوری انسانیت کا ہوگا۔

پنجاب ریونیو اتھارٹی

شاہد قادر

پاکستان میں صوبائی ٹیکس وصولی کے نظام کو مضبوط بنانے کے لیے مختلف صوبوں نے اپنی ریونیو اتھارٹیز قائم کیں۔ انہی میں سے ایک پنجاب ریونیو اتھارٹی) پی آر اے (ہے، جو کہ 2012 میں قائم کی گئی۔ اس ادارے کا بنیادی مقصد صوبے میں سروسز پر سیلز ٹیکس اور دیگر مقررہ ٹیکسز کی موثر وصولی کو یقینی بنانا ہے۔ پنجاب پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ ہے اور معاشی سرگرمیوں کا مرکز ہے، اس لیے پی آر اے کی اہمیت بہت زیادہ ہے۔

2010 میں اٹھارہویں آئینی ترمیم کے بعد خدمات)سروسز (پر سیلز ٹیکس کا اختیار صوبوں کو دے دیا گیا تھا۔ اس کے نتیجے میں پنجاب حکومت نے پی آر اے کے قیام کا فیصلہ کیا تاکہ ٹیکس وصولی کو جدید خطوط پر استوار کیا جا سکے۔ پی آر اے جدید ٹیکنالوجی، آٹومیشن اور ڈیجیٹل سسٹم کے ذریعے ٹیکس نیٹ بڑھانے پر کام کر رہی ہے۔ پنجاب ریونیو اتھارٹی کے تحت مختلف ٹیکسز عائد ہیں۔ جن میں سب سے پہلے نمبر پر سروسز پر سیلز ٹیکس ہے۔ یہ پی آر اے کا سب سے بڑا اور بنیادی ٹیکس ہے۔ مختلف خدمات جیسا کہ ٹیلی کام سروسز، ہوٹلز اور ریسٹورنٹس، کوریئر اور لاجسٹک سروسز، کنسلٹنسی اور پروفیشنل سروسز)اکاؤنٹنٹس، وکلا، انجینئرز وغیرہ (تعمیراتی خدمات، میڈیکل اور ہیلتھ کیئر سروسز، کچھ معاملات میں تعلیمی ادارے بھی شامل ہیں۔ پنجاب ریونیو اتھارٹی فلموں، ڈراموں، کنسرٹس، تھیٹرز اور دیگر تفریحی سرگرمیوں پر انٹرٹینمنٹ ڈیوٹی وصول کرتی ہے۔ اس ٹیکس کا مقصد نہ صرف ریونیو بڑھانا ہے بلکہ معاشرتی رویوں پر بھی اثر ڈالنا ہے۔

جائیداد کی خرید و فروخت کے دوران اسٹامپ پیپرز پر ٹیکس اور رجسٹریشن فیس عائد کی جاتی ہے۔ یہ ٹیکس صوبائی ریونیو کا بڑا ذریعہ ہے۔ پنجاب ریونیو اتھارٹی کے دائرہ کار میں پروفیشنلز جیسے ڈاکٹرز، انجینئرز، وکلا، آئی ٹی کنسلٹنٹس وغیرہ پر پروفیشنل ٹیکس عائد کیا جاتا ہے کمپنیز اپنے ملازمین کی تنخواہوں سے یہ کٹوتی کر کے پنجاب ریونیو اتھارٹی کو جمع کراتی ہیں۔ اسی طرح موٹر وہیکل رجسٹریشن اور لائسنسنگ فیس ہے۔ پنجاب میں گاڑیوں کی رجسٹریشن اور لائسنسنگ فیس کا نظام بھی پنجاب ریونیو اتھارٹی کے تعاون سے چلتا ہے۔ پھر دیگر مقامی ٹیکسز ہیں جن میں ہوٹلز پر بیڈ ٹیکس، ٹرانسپورٹ سروسز پر فیس، کیبل آپریٹرز پر ٹیکس، مارکیٹ فیس اور کاروباری سرگرمیوں پر مخصوص محصولات شامل ہیں۔ پنجاب ریونیو اتھارٹی کے تحت ٹیکس جمع کرانے کے لیے ای فائلنگ سسٹم موجود ہے، ٹیکس دہندگان کو آن لائن رجسٹریشن اور ٹیکس جمع کرانے کی سہولت بھی بدرجہ اتم میسر ہے۔ بڑے ہوٹلز اور ریسٹورنٹس کے پوائنٹ آف سیل (POS) سسٹم کو براہ راست پنجاب ریونیو اتھارٹی کے آئی ٹی سسٹم) سرور (سے جوڑا گیا ہے تاکہ سیلز کا درست حساب رکھا جا سکے۔ ٹیکس دہندگان اب اپنے ٹیکس بینکوں کے ذریعے آن لائن جمع کرا سکتے ہیں۔

پنجاب ریونیو اتھارٹی ہر سال صوبے کی آمدنی میں نمایاں اضافہ کرتی ہے۔ 2012 میں محض چند ارب روپے سے آغاز کیا اور آج یہ کھربوں روپے تک محصولات جمع کر رہی ہے۔ پنجاب ریونیو اتھارٹی کے جدید اقدامات نے ٹیکس نیٹ کو بڑھایا ہے اور معیشت کو دستاویزی بنانے میں مدد دی ہے۔ کیونکہ ٹیکس چوری کرنے کیلئے بعض کاروباری طبقے اصل سیلز چھپاتے ہیں۔ بعض ٹیکس دہندگان عدالتی چارہ جوئی کے ذریعے ادائیگی میں تاخیر کرتے ہیں۔ کیونکہ عوام میں ٹیکس کے حوالے سے معلومات کی کمی ہے۔

وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر صوبہ بھر میں ٹیکس اصلاحات کے جامع نفاذ کے لئے چیئرمین پنجاب ریونیو اتھارٹی معظم اقبال سپرا کی دوراندیش قیادت میں غیر رجسٹرڈ سروسز سیکٹر کیخلاف مہم میں تیزی لائی گئی ہے۔ فوڈ سیکٹر میں پنجاب فوڈ اتھارٹی سے رجسٹریشن کیلئے پی آر اے رجسٹریشن لازم قرار دی گئی۔ سرکاری و نیم سرکاری اداروں سے ٹیکس وصول کیا جا رہا ہے۔ ایک ملاقات میں چیئرمین پی آر اے معظم اقبال سپرا اور ایڈیشنل کمشنر صفدر ورک نے بتایا کہ پنجاب ریونیو اتھارٹی نے رواں مالی سال کے ابتدائی 8 ماہ میں 220 ارب سے زائد ٹیکس اکٹھا کیا ہے۔ گزشتہ سال کی نسبت 63 ارب سے زائد ریونیو اکٹھا کیا گیا ہے۔ یاد رہے کہ گزشتہ مالی سال کے پہلے 8 ماہ میں 156.3 ارب ٹیکس کولیکشن کی گئی تھی۔ معظم اقبال سپرا نے واضح کیا کہ نئے ٹیکس سیکٹرز کے قیام سے ٹیکس وصولی میں واضح اضافہ ہوا ہے۔ پنجاب کی تاریخ کے سب سے بڑے ٹیکس کولیکشن ہدف کو حاصل کرنے کیلئے مزید انتظامی اصلاحات کی جائیں گی۔ معظم اقبال سپرا کا کہنا تھا کہ صارفین سے ٹیکس کٹوتی اور بھاری سیلز کے باوجود ریکارڈ میں خورد برد کرنیوالوں کا ڈیٹا مرتب کیا جا رہا ہے۔ لیگل فریم ورک میں بہتری اور شفافیت کو یقینی بنانے کیلئے محکمانہ میکنزم کو مزید فعال بنایا گیا ہے۔ معظم اقبال سپرا نے واضح کیا کہ سیلز ریکارڈ میں واضح خورد برد اور مسلسل قوانین کی خلاف ورزی کرنیوالے پوائنٹس کو سربمہر سیل کیا جا رہا ہے۔

ٹیکس ادائیگی میں خورد برد کی روک تھام اور ٹیکس کلچر کو فروغ دینے کے لیے پنجاب ریونیو اتھارٹی نے صوبہ بھر میں عوامی آگاہی مہم شروع کر دی گئی ہے۔ اس حوالے سے چیئرمین پنجاب ریونیو اتھارٹی معظم اقبال سپرا کی زیر نگرانی ماہ اپریل سے تعلیمی اداروں میں خصوصی آگاہی مہم کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ مہم کے دوران طلبہ کو پی آر اے ایمبیسیڈر بنایا جائے گا تاکہ وہ ٹیکس ادائیگی کی اہمیت سے متعلق عوام میں شعور بیدار کرنے میں کردار ادا کریں۔ شہری ہوٹلوں، ریسٹورنٹس، جم اور ایستھیٹک کلینکس سے حاصل ہونے والی رسیدوں کی تصدیق اب موبائل ایپلی کیشن اور واٹس ایپ نمبر کے ذریعے بھی کر سکیں گے۔ اس اقدام کا مقصد جعلی رسیدوں کے رجحان کی روک تھام اور شفافیت کو فروغ دینا ہے۔ ابتدائی مرحلے میں محکمہ سکول ایجوکیشن اور پنجاب ریونیو اتھارٹی مشترکہ طور پر آگاہی مہم کا آغاز کیا ہے۔ جعلی رسید دینے والوں کے خلاف کارروائی کے دوران وصول ہونے والے ٹیکس کا 20 فیصد تک حصہ شکایت کنندہ کو انعام کے طور پر دیا جائے گا۔

امریکہ! جنگ ہار گیا۔۔

اخلاق احمد ساغر

تاریخ کے اوراق گواہ ہیں کہ جب کوئی سلطنت اپنے زوال کی انتہا کو چھوتی ہے تو اس کی گونج پوری دنیا میں سنائی دیتی ہے۔ سرد جنگ کے خاتمے اور سوویت یونین کے بکھرنے کے بعد جس "یونی پولر ورلڈ" کا آغاز ہوا تھا، آج اس کا جنازہ عالمی سیاست کے چوراہے پر رکھا ہے۔ یہ وہ نظام تھا جس میں واشنگٹن کے ایک اشارے پر عالمی معیشت اور سیاست کا رخ طے ہوتا تھا، اقوام متحدہ سے لے کر بین الاقوامی مالیاتی اداروں تک، ہر جگہ ایک ہی آواز گونجتی تھی۔ لیکن آج صورت حال یکسر مختلف ہے۔ امریکی بالادستی کو اب محض نظروں سے نہیں بلکہ عملی میدانوں میں، ان دیکھے اور دیکھے، ہر محاذ پر چیلنج کیا جا رہا ہے۔ کابل سے امریکی انخلا محض ایک فوجی پسپائی نہیں تھی، بلکہ یہ امریکی نفسیات اور ہیجمنی (Hegemony) کی شکست تھی۔ مشرق وسطیٰ میں لڑی جانے والی بے ہدف جنگوں اور حالیہ تنازعات میں واشنگٹن کی جانب دارانہ اور اندھی طاقت کے استعمال نے یہ ثابت کر دیا ہے کہ کوئی بھی ملک بے پناہ عسکری طاقت کے بل بوتے پر کوئی مخصوص معرکہ تو جیت سکتا ہے لیکن سیاسی اور اخلاقی محاذ پر ہار جاتا ہے۔ آج امریکہ کا المیہ یہ ہے کہ وہ "جنگ جیتنے" کے زعم میں سفارتی تنہائی اور عالمی بداعتمادی کا شکار ہو چکا ہے۔ اس کے دیرینہ یورپی اور خلیجی اتحادی بھی اب واشنگٹن پر آنکھ بند کر کے بھروسہ کرنے کو تیار نہیں اور اپنے قومی مفادات کے تحفظ کے لیے متبادل راستے تلاش کر رہے ہیں۔ یونی پولر ورلڈ کی راکھ سے اب ایک نیا "ملٹی پولر ورلڈ آرڈر" تیزی سے ابھر رہا ہے۔ چین کی خاموش مگر مستحکم اقتصادی پیش قدمی، روس کی جارحانہ عسکری و سفارتی حکمت عملی اور ایران کی خطے میں بڑھتی ہوئی مزاحمتی طاقت نے عالمی طاقت کے توازن کی بنیادیں ہلا دی ہیں۔ ڈی ڈالرائزیشن کی مہم ہو، یا برکس (BRICS) اور شنگھائی تعاون تنظیم (SCO) جیسے نئے معاشی اور عسکری اتحادوں میں تیزی سے ہوتی ہوئی توسیع، یہ اس بات کا واضح اعلان ہے کہ اب دنیا کے فیصلے صرف وائٹ ہاؤس یا پینٹاگون کے بند کمروں میں نہیں ہوں گے بلکہ بیجنگ، ماسکو اور گلوبل ساؤتھ کے دیگر دارالحکومتوں میں بھی ان کی بازگشت اور اثرات محسوس کیے جائیں گے۔ اس بدلتے ہوئے عالمی منظرنامے میں، حال ہی میں اسلام آباد میں ہونے والے امریکہ اور ایران کے براہ راست مذاکرات ایک غیر معمولی، حیران کن اور تاریخی واقعہ ہیں۔ 1979 کے انقلاب ایران اور امریکی سفارت خانے کے محاصرے کے بعد پیدا ہونے والی چار دہائیوں کی شدید دشمنی کے بعد، یہ پہلا موقع ہے کہ دونوں ممالک کے اعلیٰ حکام ایک میز پر بیٹھے ہیں۔ یہاں پاکستان کا کردار انتہائی کلیدی اور قابل ستائش ہے۔ ایک ایسے وقت میں جب پورا مشرق وسطیٰ بارود کے ڈھیر پر بیٹھا ہے، اسلام آباد کا بطور ثالث ابھرنا اس بات کی غمازی کرتا ہے کہ پاکستان کی سفارتی حیثیت محض علاقائی نہیں رہی بلکہ یہ عالمی تنازعات کو سلجھانے کے لیے ایک مستحکم اور ناگزیر پل کی شکل اختیار کر چکی ہے۔ پاکستان نے ثابت کیا ہے کہ وہ عالمی طاقتوں کے درمیان ایک غیر جانب دار اور قابل اعتماد سہولت کار بن سکتا ہے۔ تاہم، ان مذاکرات کی راہ میں بچھائی گئی بارودی سرنگوں کو نظرانداز نہیں کیا جا سکتا۔ تہران اور واشنگٹن کے درمیان عدم اعتماد کی خلیج اتنی گہری ہے کہ اسے محض چند نشستوں میں پاٹنا ناممکن ہے۔ لبنان میں حزب اللہ کی پوزیشن، غزہ کے لیے سیز فائر کی کڑی شرائط، اسرائیل کی ہٹ دھرمی اور آبنائے ہرمز کی سلامتی جیسے انتہائی حساس معاملات اس سفارتی شطرنج کے اہم مہرے ہیں۔ بنیادی سوال یہ ابھرتا ہے کہ کیا یہ مذاکرات واقعی کسی دیرپا امن کی طرف ایک سنجیدہ قدم ہیں یا یہ محض ایک وقتی حکمت عملی ہے؟ کیا دونوں فریقین وقتی طور پر جنگ کے شعلوں کو مدھم کر کے صرف اپنے اپنے پتے دوبارہ ترتیب دے رہے ہیں؟ ایک حقیقت پسندانہ تجزیہ یہ بتاتا ہے کہ "یونی پولر ورلڈ" کا تابوت اب باقاعدہ دفن ہو چکا ہے۔ کیا امریکہ اب بھی عالمی نظام میں غالب قوت رہ سکتا ہے؟ اس کا جواب یہ ہے کہ امریکہ آج بھی دنیا کی سب سے بڑی معیشت اور جدید ترین عسکری قوت ہے لیکن اس کی 'مطلق العنان بادشاہت' اور ویٹو پاور کا اخلاقی جواز ختم ہو چکا ہے۔ وہ "The Super Power" سے "A Major Power" کے درجے کی طرف کھسک رہا ہے۔ آئندہ پانچ سے دس سالوں میں ہم ایک شدید جغرافیائی و سیاسی کشمکش دیکھیں گے۔ دنیا بلاکس میں تقسیم تو ہوگی لیکن یہ سرد جنگ کی طرح سخت گیر بلاکس نہیں ہوں گے، ممالک اپنے قومی مفاد کے تحت بیک وقت مختلف طاقتوں کے ساتھ تعلقات قائم رکھیں گے۔ امریکہ جنگ ہار گیا ہے، یہ وہ جنگ نہیں جو توپوں، ٹینکوں اور طیاروں سے لڑی جاتی ہے بلکہ یہ وہ جنگ ہے جو بیانیے، اعتماد اور عالمی قیادت کے اخلاقی جواز کی ہوتی ہے۔ یک قطبی دنیا کا سورج غروب ہو چکا ہے اور کثیر القطبی دنیا کی صبح طلوع ہو رہی ہے۔ مگر اس نئی صبح کی سرخی کے ساتھ یہ سوال ہر ذی شعور کے ذہن پر دستک دے رہا ہے کہ: کیا طاقت کا یہ نیا بٹوارہ دنیا کو بالآخر کسی بڑی عالمی جنگ کے دہانے پر لے جائے گا یا ہم ایک ایسے دور میں داخل ہو رہے ہیں جہاں مختلف طاقتوں کے درمیان 'خوف کا توازن' ہی دیرپا امن کی واحد ضمانت بنے گا؟ دنیا کا مستقبل ان ہی سوالوں کے جواب میں پوشیدہ ہے۔

سندھ بھر سے

طالبہ ڈاکٹر فہمیدہ لغاری کی مبینہ خودکشی کیس میں اہم پیشرفت سامنے آئی

میرپورخاص (بیورو رپورٹ) میرپورخاص میں نجی میڈیکل کالج کی طالبہ ڈاکٹر فہمیدہ لغاری کی مبینہ خودکشی کیس میں اہم پیشرفت سامنے آئی ہے، جہاں پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل (پی ایم ڈی سی) کی ٹیم واقعے کی انکوائری کے لیے محمد میڈیکل کالج پہنچ گئی ہے اور تحقیقات کا آغاز کر دیا ہے ذرائع کے مطابق پی ایم ڈی سی ٹیم نے کالج انتظامیہ سے ریکارڈ طلب کر لیا ہے اور مختلف متعلقہ افراد سے پوچھ گچھ بھی جاری ہے، جبکہ واقعے کے تمام پہلوؤں کا باریک بینی سے جائزہ لیا جا رہا ہے۔

آئی بی اے ٹیسٹ پاس امیدواروں کا جوائننگ لیٹر نہ ملنے کے خلاف احتجاجی مظاہرہ

تعلقہ میرپورخاص کے تقریباً 60 امیدوار اب تک جوائننگ لیٹر سے محروم ہیں

مظاہرے کی قیادت محمد شعیب، عاق لاشاری، سید رحیم شاہ اور سنجے کمار نے کی

میرپورخاص (بیورو رپورٹ) آئی بی اے ٹیسٹ پاس امیدواروں نے جوائننگ لیٹر نہ ملنے کے خلاف پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کیا مظاہرے کی قیادت محمد شعیب، عاق لاشاری، سید رحیم شاہ اور سنجے کمار نے کی اس موقع پر مظاہرین نے کہا کہ 2021 میں آئی بی اے ٹیسٹ میں 40 فیصد سے زائد نمبر حاصل کرنے والے امیدواروں کو میرپورخاص ضلع کے دیگر تعلقوں میں جوائننگ آرڈر جاری کیے جا چکے ہیں جبکہ تعلقہ میرپورخاص کے تقریباً 60 امیدوار اب تک جوائننگ لیٹر سے محروم ہیں انہوں نے مزید کہا کہ ان کے کیس کا ٹائم پیریڈ دسمبر تک بڑھایا جائے کیونکہ کئی امیدوار ایسے ہیں جن کی عمر کی حد ختم ہو رہی ہے اور وہ مستقبل میں سرکاری ملازمت کے لیے درخواست دینے کے قابل نہیں رہیں گے مظاہرین نے وزیر اعلیٰ سندھ، صوبائی وزیر تعلیم اور دیگر متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا کہ فوری طور پر انہیں جوائننگ لیٹر جاری کیے جائیں تاکہ وہ ملازمت حاصل کر سکیں۔

مبینہ پولیس مقابلے کے دوران ایک ڈاکو ہلاک ہوگیا

میرپورخاص (بیورو رپورٹ) سندھڑی تھانے کی حدود میں سنزل اسٹاپ کے قریب مبینہ پولیس مقابلے کے دوران ایک ڈاکو ہلاک ہوگیا، ڈاکو اپنے فرار ہونے والے ساتھی کی فائرنگ سے ہلاک ہوا پولیس کا دعویٰ تفصیلات کے مطابق سندھڑی سنزل اسٹاپ کے قریب مسلح ڈاکوؤں نے مبینہ طور پر ڈکیتی کی کوشش کر رہے تھے کہ اطلاع ملنے پر پولیس پارٹی موقع پر پہنچ گئی پولیس کو دیکھتے ہی ملزمان نے فائرنگ شروع کر دی۔

NED
Media Briefing
on
State of Budget Transparency and Accountability in Pakistan
DISTRICT GHOTKI
Citizens' Network for Budget Accountability (CNBA)

گھوٹکی: حوا فاؤنڈیشن کی جانب سے منعقدہ پریس بریفنگ میں غلام نبی سومرو، ڈاکٹر ثنا، غلام مرتضیٰ میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

گھوٹکی: اسٹیٹ آف بجٹ ٹرانسپیرنسی رپورٹ 2025 پیش

گھوٹکی (پاکستان بلیٹن) سینٹر فار پیس اینڈ ڈویلپمنٹ انیشیٹوز (سی پی ڈی آئی) نے پاکستان میں بجٹ کی شفافیت، عوامی شرکت اور احتساب کے نظام میں موجود خامیوں کو اجاگر کرتے ہوئے اپنی "اسٹیٹ آف بجٹ ٹرانسپیرنسی رپورٹ 2025" پیش کر دی۔ رپورٹ کے نتائج ضلع گھوٹکی میں ایک میڈیا بریفنگ کے دوران حوا فاؤنڈیشن کے تعاون سے شیئر کیے گئے۔ رپورٹ کے مطابق مالی سال 2024-25 کے جائزے سے ظاہر ہوتا ہے کہ ملک میں بجٹ کی شفافیت محدود اور غیر مساوی ہے جبکہ عوامی شرکت نہایت کمزور اور احتسابی نظام میں واضح خلا موجود ہیں۔ اہم بجٹ دستاویزات کو باقاعدگی سے عوام کے سامنے پیش نہیں کیا جاتا جس کے باعث شہریوں کو بجٹ سازی کے عمل پر اثرانداز ہونے کے مواقع کم ملتے ہیں۔ میڈیا بریفنگ کے دوران غلام نبی سومرو، ڈاکٹر ثنا اللہ اور غلام مرتضیٰ نے بتایا کہ اگرچہ بجٹ بروقت پیش کیے جاتے ہیں، تاہم پارلیمانی مشاورت مؤثر نہیں، بحث کے لیے محدود وقت دیا جاتا ہے اور مناسب جانچ پڑتال کا فقدان ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ عمل درآمد کے دوران اخراجات اور آڈٹ رپورٹس کی بروقت اشاعت نہ ہونے سے شفافیت مزید متاثر ہوتی ہے۔

میرپورخاص پولیس کی ایک اور بڑی اور کامیاب کارروائی

میرپورخاص (بیورو رپورٹ) ڈاکٹر فہمیدہ لغاری خودکشی کیس میں میرپورخاص پولیس کی ایک اور بڑی اور کامیاب کارروائی، مزید ایک اور ملزم گرفتار۔ ایس ایس پی میرپورخاص سید فدا حسین شاہ کی قیادت میں میرپورخاص پولیس نے ڈاکٹر فہمیدہ لغاری خودکشی کیس میں اہم پیش رفت کرتے ہوئے ایک اور بڑی کامیابی حاصل کر لی ہے۔ تفصیلات کے مطابق مرکزی ملزم محمد میڈیکل یونیورسٹی کے لیکچرار عابد لغاری کی گرفتاری کے بعد پولیس نے مزید ایک اور اہم ملزم کو بھی گرفتار کر لیا ہے، جس سے کیس میں مزید پیش رفت اور گرفتاریاں متوقع ہیں۔ گرفتار ملزم کی شناخت عبدالرحمن ولد امان اللہ جٹ کے نام سے ہوئی ہے جو کہ محمد میڈیکل کالج کا طالبعلم اور اس کیس میں نامزد ملزم ہے۔

گیس اور بجلی کی آنکھ مچولی نے شہری زندگی کو مفلوج کر کے رکھ دیا ہے: ڈاکٹر یونس دانش

حیدرآباد (بیورو رپورٹ) جمعیت علماء پاکستان کے مرکزی ترجمان ڈاکٹر یونس دانش نے کہا ہے کہ حیدرآباد کے عوام اس وقت شدید کرب اور اذیت سے گزر رہے ہیں۔ گیس اور بجلی کی آنکھ مچولی نے شہری زندگی کو مفلوج کر کے رکھ دیا ہے، جہاں 12 سے 15 گھنٹوں کی طویل گیس اور بجلی لوڈشیڈنگ معمول بن چکی ہے۔ دوسری جانب پانی کی مسلسل بندش نے گرمی کے آغاز کے ساتھ ہی عوام کو بلبلا اٹھنے پر مجبور کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سوئی سدرن گیس کمپنی بھی حیسکو کی ڈگر پر چل پڑی ہے، گیس کی بار بار بندش ناجائز جرمانوں اور غیر منصفانہ پالیسیوں کے ذریعے عوام کا استحصال کیا جا رہا ہے۔

نواب شاہ: ڈپٹی کمشنر عبدالصمد نظامانی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اسپتال کے قریب غیر قانونی چنگچی اڈوں کے باعث ٹریفک جام

میرپورخاص (بیورو رپورٹ) پرانے سول اسپتال کے قریب غیر قانونی چنگچی اڈوں کے باعث ٹریفک جام، شہری شدید پریشان تفصیلات کے مطابق میرپورخاص میں انتظامیہ اور متعلقہ اداروں کی مبینہ غفلت کے باعث شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے پرانے سول اسپتال اور پارس میوزک سینٹر کے سامنے عرصہ دراز سے قائم غیر قانونی چنگچی اسٹینڈ کے ساتھ اب ایک اور غیر قانونی اڈا بھی قائم ہو گیا ہے جس سے علاقے میں ٹریفک کا نظام مکمل طور پر درہم برہم ہو چکا ہے۔ یہ مقام شہر کے مختلف گنجان آباد علاقوں، خصوصاً سیٹلائٹ ٹاؤن سمیت شہر کے اہم علاقوں اور دیگر آبادیوں کو آپس میں ملانے والا اہم راستہ ہے جہاں پہلے ہی ٹریفک جام معمول بن چکا تھا اور کئی کئی گھنٹے ٹریفک جام رہتا ہے مگر غیر قانونی رکشہ اسٹینڈز کے قیام کے بعد صورتحال مزید سنگین ہو گئی ہے۔

محراب پور: سیپکو نااہلی سے گندم کی فصل کو آگ لگ گئی

محراب پور (پاکستان بلیٹن) سیپکو نااہلی سے گندم کی فصل کو آگ لگ گئی، واقعہ بالانی پولیس تھانہ کی حدود بھیلانی شہر میں پیش آیا جہاں پر رجب سہو اور نثار سہو کی زرعی اراضی سے گزرنے والی گیارہ ہزار وات کی تاریں اسپارکنگ کرنے کے بعد کھڑی ہوئی گندم کی فصل پر گر گئی جس سے بھاری تعداد میں گندم جل کر خاکستر ہوگئی، متاثرہ کاشتکار کے مطابق ہائی وولٹیج لائنوں کو آبادی اور کھیتوں کے درمیان سے گزر رہی ہیں جو کہ نہایت بوسیدہ ہو گئیں۔

شہر قائد

چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن ایم یوسف علاقہ مکینوں سے خطاب کر رہے ہیں

کراچی کی ترقی و خوشحالی کا سفر ہر صورت جاری رہے گا، کرم اللہ وقاصی

جماعت اسلامی گمراہ و بے بنیاد الزامات اور منفی سیاست کے ذریعے عوام کو دھوکہ دینے کی ناکام کوشش کر رہی ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ترجمان میئر کراچی اور کراچی میٹروپولیٹن کارپوریشن میں پاکستان پیپلز پارٹی کے پارلیمانی لیڈر کرم اللہ وقاصی نے لیاری میں شروع کیے گئے ٹرانسفارمیشن پروجیکٹ کا بھرپور خیرمقدم کرتے ہوئے اسے کراچی کی ترقی، بحالی اور جدید شہری نظام کی جانب ایک انقلابی قدم قرار دیا ہے۔ ترجمان میئر کراچی کرم اللہ وقاصی نے جماعت اسلامی کے رہنما منعم ظفر کے بیانات کو سختی سے مسترد کرتے ہوئے انہیں جھوٹ، بہتان تراشی اور کھلی سیاسی منافقت قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی کی قیادت ایک بار پھر گمراہ کن بیانیے، بے بنیاد الزامات اور منفی سیاست کے ذریعے عوام کو دھوکہ دینے کی ناکام کوشش کر رہی ہے۔ ترجمان میئر کراچی کرم اللہ وقاصی نے کہا کہ جماعت اسلامی کراچی کی ترقی کی دشمن ہے، سندھ حکومت یا میئر کراچی جب بھی کراچی کی ترقی کا کوئی منصوبہ شروع کرتے ہیں تو جماعت اسلامی واویلا مچا کر عوام کو بیوقوف بنانے کی کوشش شروع کر دیتی ہے۔

سانحہ جشن عید میلاد النبی کبھی بھی بھلایا نہیں جا سکتے ہیں، ثروت اعجاز قادری

کراچی (پ۔ر) پاکستان سنی تحریک کی جانب سے ملک بھر میں جشن عید میلاد النبی کے شہدا کے ایصال ثواب کے لیے قرآن خوانی محفل میلاد اور دعائیہ تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ شہدا کے ایصال ثواب کے لیے مرکزی تقریب کراچی میں منعقد ہوئی۔ چیئرمین پاکستان سنی تحریک انجینئر محمد ثروت اعجاز قادری مرکزی صدر صاحبزادہ علامہ بلال عباس قادری ذمہ داران و کارکنان اور عوام اہلسنت نے شہدائے جشن عید میلاد النبی مزارات پر حاضری دی۔ مرکزی رہنماں نے مزارات پر پھولوں کی چادر چڑھائی اور فاتحہ خوانی بھی کی۔ شہدائے جشن عید میلاد النبی کی تقریب میں چیئرمین پاکستان سنی تحریک انجینئر محمد ثروت اعجاز قادری مرکزی صدر صاحبزادہ علامہ بلال عباس قادری پاکستان سنی تحریک کے ذمہ داران عہدے داران کارکنان اور عوام اہلسنت نے بڑی تعداد میں تقریب میں شرکت کی۔ چیئرمین پاکستان سنی تحریک انجینئر محمد ثروت اعجاز قادری نے تقریب سے خطاب کیا۔

نیو کراچی ٹاؤن میں ترقیاتی کام تیز، سیکٹر فائیو جی میں نو تعمیر شدہ گلیوں کا افتتاح

چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف کا میئر کراچی سے 7 ہزار روڈ نیو کراچی کی فوری تعمیر کا مطالبہ

کراچی (پ۔ر) نیو کراچی ٹاؤن کے چیئرمین محمد یوسف نے یوسی 7 سیکٹر G-5 میں پیور بلاک سے نو تعمیر شدہ گلیوں کا افتتاح کر دیا۔ افتتاحی تقریب مقامی پارک میں منعقد ہوئی جس میں وائس چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن شعیب بن ظہیر، یوسی 7 کے چیئرمین و وائس چیئرمین، کونسلرز اور بڑی تعداد میں علاقہ مکینوں نے شرکت کی۔ اس موقع پر چیئرمین محمد یوسف نے کہا کہ نیو کراچی ٹاؤن میں ایک ہزار گلیوں کو پیور بلاک سے پختہ کرنے کا منصوبہ جاری ہے۔ اس منصوبے کے تحت سیکٹر G-5 میں 70 گلیوں کو پیور بلاک سے آراستہ کیا جا چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے عوام سے جو وعدہ کیا تھا الحمدللہ اسے پورا کر رہے ہیں اور بغیر کسی سیاسی یا مذہبی تفریق کے تمام علاقوں میں ترقیاتی کام جاری ہیں۔ چیئرمین محمد یوسف کا کہنا تھا کہ ہم نے ہمیشہ عوامی خدمت کو ترجیح دی ہے اور اپنے اختیارات سے بڑھ کر کام کرنے کی کوشش کی ہے۔ نیو کراچی ٹاؤن کے مختلف سیکٹرز میں مرحلہ وار پیور بلاک لگائے جا رہے ہیں اور آئندہ بھی یہ سلسلہ جاری رہے گا تاکہ تمام گلیوں کو پختہ کیا جا سکے۔ انہوں نے اس موقع پر میئر کراچی سے مطالبہ کیا کہ اللہ والی سے گودھرا چوک تک 7 ہزار روڈ کی فوری تعمیر کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ تین سال سے بار بار درخواست کی جا رہی ہے مگر اس اہم سڑک پر کوئی توجہ نہیں دی جا رہی۔ مدینہ کالونی کی مرکزی سڑک اس وقت نالے کا منظر پیش کر رہی ہے، جہاں چار چار فٹ گہرے گڑھے پڑ چکے ہیں اور پانی کھڑا رہتا ہے، جس سے عوام کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ چیئرمین محمد یوسف نے عوام سے اپیل کرتے ہوئے کہا کہ گلیوں کی تعمیر ہماری ذمہ داری تھی، لیکن اب ان کی حفاظت اور صفائی علاقہ مکینوں کی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر عوام تعاون کریں تو ترقیاتی کاموں کے بہتر نتائج سامنے آئیں گے۔ تقریب کے اختتام پر علاقہ مکینوں نے ترقیاتی کاموں پر چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف کا شکریہ ادا کیا۔

ایس ای ایل ڈی اور یونیسیف کے تحت کراچی میں انرولمنٹ اور ریٹینشن ڈرائیو 2026–27 کا آغاز

افتتاحی تقریب میں سیکریٹری ایس ای ایل ڈی زاہد علی عباسی و دیگر کی شرکت

کراچی (پ۔ر) محکمہ اسکول ایجوکیشن اینڈ لٹریسی (SELD)، حکومت سندھ نے یونیسیف کے تعاون سے چرچ مشن اسکول کراچی میں قائم کردہ معیاری طریقہ کار (SOPs) کے مطابق انرولمنٹ اور ریٹینشن ڈرائیو 2026–27 کا کامیابی سے آغاز کیا۔ افتتاحی تقریب میں اہم معزز شخصیات نے شرکت کی، جن میں سیکریٹری ایس ای ایل ڈی زاہد علی عباسی، ڈاکٹر جنید حمید سامو، چیف پروگرام مینیجر ریفارم سپورٹ یونٹ (RSU)، پریم بہادر چند، چیف فیلڈ آفیسر یونیسیف سندھ، اور پاکستان روٹری لٹریسی مشن سے محمد اقبال قریشی، جبکہ ایم علی حیدر ڈپٹی گورنر روٹری بھی شامل تھے مسلم ہینڈز اور نیشنل کمیشن فار ہیومن ڈیولپمنٹ (NCHD) کے نمائندگان کے علاوہ ترقیاتی شراکت داروں، ماہرین تعلیم، سول سوسائٹی اور ایس ای ایل ڈی کے مختلف شعبہ جات کے سینئر افسران بشمول ڈائریکٹرز اور ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسرز (DEOs) نے بھی شرکت کی بطور علیف نے اجلاس میں آن لائن شرکت کی اور "انرولمنٹ اور ریٹینشن کے نتائج کو تیز کرنا: سماجی و رویہ جاتی تبدیلی (SBC) کے شواہد، بصیرت اور اسٹریٹجک ترجیحات (2026–27)" کے عنوان سے تفصیلی بریفنگ دی۔

کتیانہ ملک انجمن اور کتیانہ قاضی جماعت کے مابین ایک شاندار اور یادگار نائٹ کرکٹ ٹورنامنٹ

کراچی (پ ر) قصباتی فیڈریشن سے منسلک دو معزز جماعتوں، کتیانہ ملک انجمن اور کتیانہ قاضی جماعت کے مابین ایک شاندار اور یادگار نائٹ کرکٹ ٹورنامنٹ الفاروق گراؤنڈ، ناظم آباد نمبر 3 میں کامیابی کے ساتھ منعقد ہوا۔ اس ایونٹ کے انعقاد میں ارسلان قاضی اور واجد ملک کی انتھک محنت، لگن اور بہترین انتظامات قابل تحسین رہے۔

علماء و مشائخ امت کی حقیقی رہنمائی کا فریضہ انجام دے رہے ہیں، پیر ارشد کاظمی

کراچی (پ۔ر) تحریک اہلسنت پاکستان صوبہ سندھ کے صدر پیر سید ارشد علی شاہ کاظمی القادری نے کہا ہے کہ علماء و مشائخ امت کی حقیقی رہنمائی کا فریضہ نہایت اخلاص اور ذمہ داری کے ساتھ انجام دے رہے ہیں اور موجودہ دور کے نازک اور پیچیدہ حالات میں ان کا کردار پہلے سے کہیں زیادہ اہمیت اختیار کر چکا ہے۔

میونسپل کمشنر نیو کراچی عبدالجبار پولیو مہم میں قطرے پلانے کا معائنہ کر رہے ہیں

بقیہ نمبر 01

چاہتا ہوں، پیک آورز میں لوڈشیڈنگ پر معذرت خواہ ہوں، پیک آورز میں گیس سے بجلی کی پیداوار نہیں کر سکتے۔ اویس لغاری نے کہا کہ خطے کی صورتحال کے باعث موجودہ حالات کا سامنا ہے، دیگر ملکوں کی نسبت پاکستان کی صورتحال کافی بہتر ہے، ہم نے پاکستان کو ہمیشہ کے لیے اندھیروں سے نکالا۔ وفاقی وزیر توانائی نے کہا کہ ڈیموں سے پانی کے کم اخراج کے باعث پن بجلی کی پیداوار 1676 میگاواٹ ہے، پن بجلی میں 1530 میگاواٹ کی کمی کا سامنا ہے، دن کے اوقات میں کسی قسم کی لوڈشیڈنگ نہیں کی جا رہی۔ انہوں نے کہا کہ تمام پلانٹس آپریشنل ہیں، اپریل کے پہلے 15 دن میں بجلی کی طلب 15 سے 20 ہزار میگاواٹ رہی، رواں برس اپریل میں ایل این جی سے ایک ہزار 671 میگاواٹ بجلی بنائی جا رہی ہے۔ اویس لغاری کا کہنا تھا کہ یکم اپریل سے درآمدی گیس بند ہے اس وجہ سے بھی مشکلات کا سامنا ہے، ایل این جی پلانٹس سے گزشتہ برس اپریل میں 3 ہزار میگاواٹ بجلی پیدا کی جا رہی تھی، لوڈشیڈنگ کو ضرورت کےحساب سے بڑھانا پڑتا ہے۔ وفاقی وزیر توانائی نے کہا کہ دیہی، شہری علاقوں سمیت صنعتی شعبے میں بھی لوڈشیڈنگ کی جا رہی ہے، لوگ سوشل میڈیا پر بغیر تحقیق کے پروپیگنڈا کر رہے ہیں، ڈیزل سے پلانٹ چلا کر فی یونٹ 100 روپے کا بوجھ عوام پر نہیں ڈال سکتے۔ انہوں نے کہا کہ ایل این جی کو امپورٹ کرنے کی پوری کوشش ہو رہی ہے، پوری امید ہے چند دنوں کے اندر بحران حل ہو جائے گا، میں اور حکومت عقل کل نہیں، ایران، امریکا جنگ ہمارے کنٹرول سے باہر ہے، پورا ملک اندھیرے میں نہیں ہے۔ اویس لغاری نے کہا کہ ایل این جی نہ ہونے کی وجہ سے بجلی کی لوڈشیڈنگ ہو رہی ہے، ایل این جی آنے اور پن بجلی کی پیداوار بڑھنے سے لوڈشیڈنگ ختم ہو جائے گی، یہ عارضی لوڈشیڈنگ ہے۔ وفاقی وزیر توانائی نے کہا کہ گزشتہ دو سال کے دوران بجلی کی قیمتوں میں کمی کی گئی ہے، ایران، امریکا جنگ بند ہونے کے بعد لوڈشیڈنگ کا ذمہ دار میں ہوں گا۔ انہوں نے کہا کہ صدر آصف زرداری کے ساتھ واٹر سکیورٹی، لوڈشیڈنگ پر بات کی، پانی کے کنٹرول کا اختیار ارسا کے پاس ہے، جون 30 تک 15 فیصد پانی کی شارٹیج ہے، آنے والے دنوں میں حالات بہتر ہوتے جائیں گے۔ اویس لغاری کا کہنا تھا کہ شارٹ فال کے باعث 6 سے 7 گھنٹے لوڈ مینجمنٹ کرنی پڑ رہی ہے، ایل این جی کی آمد سے بحران ختم ہو جائے گا، ایل این جی کارگو کب آئیں گے ابھی کچھ کہنا قبل از وقت ہے۔

بقیہ نمبر 02

چادر کے گیس سلنڈرز دستیاب ہیں، فائبر کا سلنڈر پانچ کلو سے تیرہ کلو کا ساڑھے 7 ہزار سے ساڑھے 13 ہزار ہے جبکہ لوہے کی چادر والا دو کلو سے چھ کلو تک کا سلنڈر 1200 سے پانچ ہزار تک فروخت ہو رہا ہے۔

بقیہ نمبر 03

تبادلہ خیال کیا گیا۔ یاد رہے کہ سابقہ سیکریٹری رشید احمد زرداری کی ریٹائرمنٹ کے بعد ناصر عباس سومرو کو محکمہ ترقی نسواں سندھ کا اضافی چارج دیا گیا ہے۔ اس سے قبل ناصر عباس سومرو بطور سیکریٹری کچی آبادی سندھ اپنی خدمات انجام دے رہے ہیں۔

بقیہ نمبر 04

مریم نواز، حمزہ شہباز، خواجہ سعد رفیق بھی بورڈ کا حصہ، آزاد کشمیر سے شاہ غلام قادر، فاروق حیدر، مشتاق منہاس، چوہدری محمد سعید بھی بورڈ میں شامل ہیں۔

بقیہ نمبر 05

ہزاروں لوگوں کو بے دردی کے ساتھ چھت سے محروم کر رہی ہے۔ اشرافیہ کی رہائش کونسٹیٹیوشن ون کی 40 منزلہ عمارت بن گئی اور اچانک یاد آیا کہ او ہو یہ تو غیر قانونی ہے۔ پھر سپریم کورٹ نے جرمانہ لگا کر ریگولرائز کر دی۔ تو غریب اس سہولت سے محروم کیوں؟

بقیہ نمبر 06

خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلی سندھ نے کہا کہ کسی بھی معاشرے کا حقیقی معیار اس بات سے ناپا جاتا ہے کہ وہ اپنے سب سے کمزور شہریوں کے ساتھ کیسا سلوک کرتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ یہ اقدام ایک جامع اور ہمدرد معاشرے کی تعمیر کے لیے سندھ حکومت کے عزم کی عکاسی کرتا ہے جہاں ہر فرد وقار، آزادی اور اعتماد کے ساتھ زندگی بسر کر سکے۔ مراد شاہ نے کہا کہ معتبر پارٹنر تنظیموں کے تعاون سے، حکومت وہیل چیئرز، سماعت کے آلات، مصنوعی اعضا اور دیگر معاون آلات کی فراہمی کو یقینی بنا رہی ہے جو معذور افراد کے معیار زندگی کو نمایاں طور پر بہتر بنا سکتے ہیں۔ اس بات کو دہراتے ہوئے کہ معذوری کا مطلب نااہلی نہیں ہے، وزیر اعلی سندھ مراد علی شاہ نے زور دیا کہ درست سپورٹ سسٹم کے ساتھ، معذور افراد معاشرے اور معیشت میں فعال کردار ادا کر سکتے ہیں۔ انہوں نے اس بات پر روشنی ڈالی کہ حکومت شمولیت کے ایک وسیع ایجنڈے پر کام کر رہی ہے، جس میں DEPD کی خدمات کو تعلقہ کی سطح تک پھیلانا، سرکاری شعبے میں پانچ فیصد ملازمت کے کوٹے پر عمل درآمد کو مضبوط بنانا، اور نجی شعبے میں اس کو اپنانے کی حوصلہ افزائی کرنا شامل ہے۔ وزیر اعلی سندھ نے جامع تعلیم، بین الاقوامی شراکت داروں کے تعاون سے اساتذہ کی استعداد کار میں اضافے، اور وفاقی و صوبائی سطحوں پر آٹزم ری ہیبلی ٹیشن (بحالی) سینٹرز کے لیے بہتر ہم آہنگی کے اقدامات پر بھی زور دیا۔ وزیر اعلی سندھ نے این جی اوز اور پارٹنر تنظیموں کے کردار کو سراہا اور کہا کہ ان کی نچلی سطح تک رسائی اس بات کو یقینی بناتی ہے کہ امداد ان لوگوں تک پہنچے جنہیں اس کی سب سے زیادہ ضرورت ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ شفافیت، جوابدہی اور مؤثر نفاذ اس اقدام کی کامیابی کے لیے مرکزی حیثیت رکھتے ہیں، جبکہ سندھ بھر میں معذوری کی شمولیت کی پالیسیوں کو آگے بڑھانے پر DEPD کی بھی تعریف کی۔ شواہد پر مبنی پالیسی سازی کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے مراد علی شاہ نے بہتر منصوبہ بندی اور خدمات کی فراہمی کے لیے درست ڈیٹا کو یقینی بنانے کی خاطر ایک جامع 'ڈس ایبلٹی سینسز' (معذوری کی مردم شماری) کے منصوبوں کا اعلان کیا۔ اس سے قبل سیکریٹری DEPD طحہ فاروقی نے پریزنٹیشن دیتے ہوئے محکمے کی کارکردگی، جاری اقدامات اور مستقبل کے روڈ میپ کا خاکہ پیش کیا۔ DEPD اس وقت 67 سرکاری خصوصی تعلیم اور بحالی کے مراکز، 90 پارٹنر این جی اوز، بریل پریس کی سہولیات، اور آڈیو ویژول لائبریریوں کے ایک وسیع نیٹ ورک کے ذریعے کام کر رہا ہے، جن کا مقصد شمولیت اور رسائی کو فروغ دینا ہے۔ خصوصی تعلیمی اداروں میں داخلہ 2023 میں 4794 سے بڑھ کر 2025 میں 6046 ہو گیا ہے جو 26 فیصد سے زیادہ کے اضافے کو ظاہر کرتا ہے اگرچہ 2033 طلبا اب بھی ویٹنگ لسٹ پر ہیں۔ کراچی میں سب سے زیادہ اضافہ ریکارڈ کیا گیا جبکہ حیدرآباد، سکھر اور لاڑکانہ نے بھی نمایاں ترقی دکھائی۔ سیکریٹری نے مطلع کیا کہ DEPD کی جانب سے پاکستان اسٹیل ملز میں واقع "آغوش" سینٹر کا کنٹرول سنبھالنے کے بعد نئے داخلے کیے گئے، حالانکہ طلبا کی ایک بڑی تعداد اب بھی جگہ ملنے کی منتظر ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ آٹزم، ڈاؤن سنڈروم، ADHD، ڈسلیکسیا، بصری اور سماعت کی کمزوری، دماغی فالج (سیریبرل پالسی) اور دیگر اعصابی و جسمانی معذوریوں سمیت متنوع ضروریات والے افراد کو خدمات فراہم کی جا رہی ہیں۔ سیکھنے کے عمل کو جدید بنانے کے لیے 20 ڈیجیٹل کلاس رومز فعال ہیں جبکہ مزید 28 کی منصوبہ بندی کی گئی ہے۔ DEPD خدمات کی ایک جامع رینج پیش کر رہا ہے، بشمول مفت تعلیم، وظائف، یونیفارم، معاون آلات، نقل و حمل، کھانا، درسی کتب، بریل مواد، اور آڈیو ویژول لائبریریوں تک رسائی۔ معذور افراد میں روزگار کی راہیں پیدا کرنے اور معاشی آزادی کو فروغ دینے کے لیے مہارت کی ترقی اور پیشہ ورانہ تربیت کے پروگرام بھی نافذ کیے جا رہے ہیں۔ 'سینٹر فار آٹزم، ری ہیبلی ٹیشن اینڈ ٹریننگ سندھ' کے تحت 5359 سے زائد بچے رجسٹرڈ ہو چکے ہیں، جن میں سے 1069 اس وقت زیر تعلیم ہیں اور 512 داخلے کے منتظر ہیں۔ سندھ کے متعدد شہروں میں نئے مراکز تکمیل کے قریب ہیں۔ سندھ حکومت نے ان مراکز کے پائیدار تسلسل کو یقینی بنانے کے لیے ایک ارب روپے کے انڈومنٹ فنڈ کی منظوری دی ہے۔ اسی طرح 'سندھ انسٹی ٹیوٹ آف فزیکل میڈیسن اینڈ ری ہیبلی ٹیشن' اپنی خدمات کو وسعت دے رہا ہے، حیدرآباد میں نئی سہولیات فعال ہو گئی ہیں اور کئی شہروں میں اضافی مراکز زیر تعمیر ہیں۔

بقیہ نمبر 07

میں الیکٹرو بسوں کیلئے خصوصی بس ڈپو قائم کیے جائیں گے۔ وزیر اعلی نے تحصیل سطح پر 1500 الیکٹرک بسیں چلانے کیلئے جامع پلان طلب کر لیا، اجلاس میں گوجرانوالہ اور فیصل آباد میں ماس ٹرانزٹ سسٹم منصوبوں پر پیشرفت کا بھی جائزہ لیا گیا۔ پنجاب کی پہلی ای ٹیکسی سکیم کے تحت مئی میں 194 اور جون میں 208 ای ٹیکسیاں شامل کرنے کی پیشرفت سے آگاہ کیا گیا۔ مریم نواز شریف نے میٹرو بس سٹیشنز کی تعمیر و مرمت جلد مکمل کرنے کی ہدایت دیتے ہوئے نئے ڈیزائن کی منظوری بھی دی، ایم پاور۔ ہر پراجیکٹ کے تحت لاہور میں جدید بس سٹیشنز کے قیام کا بھی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں سرکاری ملازمین کے لئے ای بائیک پراجیکٹ کی اصولی منظوری بھی دی گئی۔

بقیہ نمبر 08

نیول چیف ایڈمرل نوید اشرف کی قیادت میں بحری دفاع کے لئے شب و روز کوشاں ٹیم کو خراج تحسین پیش کیا۔ وزیر اعلی مریم نواز نے کہا کہ اینٹی شپ میزائل کے کامیاب تجربے سے بحری دفاع میں اہم کامیابی حاصل کی۔ میزائل کا کامیاب تجربہ ظاہر کرتا ہے امن کے خواہاں ہیں مگر دفاع سے غافل نہیں۔

بقیہ نمبر 09

اسپیشل برانچ، ڈرائیونگ لائسنس، ٹریننگ، آئی ٹی، رورل ٹریفک ایس ایس پیز، اے آئی جی میڈیا اینڈ پبلک ریلیشنز، پی ڈی آئی ٹی اور دیگر پولیس افسران و جوانوں نے شرکت کی۔ کارپوریٹ سیکٹر کی معروف شخصیات میں معید قریشی، درید قریشی، عرفان صدیقی، اسد علی شاہ، سراج، حسن بلگرانی، ڈاکٹر جنید علی شاہ، عمران شاہ، فرحان عیسی، اطہر، سیکریٹری گورنمنٹ عباس بلوچ، معید راہموں، سی پی ایل سی سے شہر ملک اور دنشا آواری شامل تھے۔ ڈی آئی جی ٹریفک کراچی پیر محمد شاہ نے مہمان خصوصی آئی جی سندھ اور دیگر مہمانوں کا استقبال کیا۔ تقریب میں ٹریفک پولیس کراچی کی جانب سے روبو کارز، موٹر سائیکلز اور ڈرونز بھی پیش کیے گئے۔ ڈی آئی جی ٹریفک نے کہا کہ ڈیجیٹل چالان کے نفاذ اور ٹریفک حادثات کی روک تھام ہمارے لیے ایک بڑا چیلنج تھا۔ 70 لاکھ گاڑیوں کی مانیٹرنگ روایتی یا دستی طریقوں سے ممکن نہیں تھی۔ مہلک ٹریفک حادثات کی شرح 90 ماہانہ اور اوسطا 3 یومیہ تک پہنچ چکی تھی، ٹریفک پولیس کراچی کی پانچ ہزار اہلکاروں پر مشتمل نفری معمول کی پولیسنگ اور دیگر مسائل کے لیے تو ناکافی تھی، تاہم الیکٹرانک سرویلنس کے لیے اسے مؤثر انداز میں استعمال کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے مختلف ممالک کے ٹریفک نظام کا جائزہ لیا اور اسی بنیاد پر ٹریکس (TRACS) کا منصوبہ حکومت کو پیش کیا۔ حکومت نے اس منصوبے کو فوری طور پر منظور کیا جبکہ گورنر نے اس کی توثیق کی، اس وقت شہر میں ایک ہزار سے زائد فکسڈ کیمرے مختلف شاہراہوں پر نصب کیے جا چکے ہیں۔ مزید دو ہزار سے زائد کیمرے نصب ہونے جا رہے ہیں۔ شہر میں بیس ہزار سے زائد بڑی گاڑیاں چل رہی ہیں جن میں ٹریکنگ سسٹم نصب کروایا گیا ہے۔ ٹریفک پولیس کراچی نے سندھ پولیس کی تاریخ میں پہلی مرتبہ ٹریکس ڈرون اور روبو کارز یونٹ متعارف کرایا ہے۔ جس کا مقصد گنجان آباد علاقوں میں فیس لیس چالان کے سلسلے میں افادیت حاصل کرنا ہے۔ فیس لیس چالان TRACKS کی کامیابی میں سندھ پولیس کے آئی ٹی ڈیپارٹمنٹ کا بھرپور تعاون رہا ہے، جنہوں نے مختلف ایپلیکیشن فراہم کیں جن سے یہ خودکار چالان سسٹم کامیاب ہوا۔ آئی جی سندھ کے وژن کے مطابق 32 سیکٹرز میں تعینات ٹریفک پولیس اہلکاروں کو جدید موبائل ٹیبلیٹس اور ایپلیکیشنز سے لیس کرتے ہوئے ای چالان سسٹم کے مؤثر نفاذ کا اختیار دے دیا گیا ہے۔ شہر میں فیس لیس چالان سے بچنے کیلئے نمبر پلیٹس میں رد و بدل جیسے معاملات دیکھنے میں آئے جنکی روک تھام کے حوالے سے خصوصی مہم کا آغاز کیا گیا ہے۔ آئی جی سندھ جاوید عالم اوڈھو نے تقریب میں موجود بزنس کمیونٹی سمیت دیگر شرکا کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ میرا کام سمت کا تعین کرنا اور اپنے محکمے کو درست سمت میں آگے بڑھانا ہے، سابق آئی جی سندھ غلام نبی میمن نے خودکار چالان سسٹم کے حوالے سے بہترین کام کیا، اس نظام کے نفاذ سے قبل محکمہ ایکسائز اور ڈرائیونگ لائسنس برانچ سے ڈیٹا اکٹھا کیا گیا۔ فیس لیس چالان سسٹم کی کامیابی کا سہرا ڈی آئی جی پیر محمد شاہ اور ہمارے آئی ٹی ڈیپارٹمنٹ کو جاتا ہے، جنہوں نے بھرپور تعاون کیا، فیس لیس چالان سسٹم کے باعث خود احتسابی کا عمل شروع ہوا، جس کے مثبت نتائج سامنے آئے۔ سندھ پولیس میں کانسٹیبلری کی شرح کم کر کے اے ایس آئی سے لے کر ڈی ایس پی سطح کے افسران کی تعداد بڑھانے کی ضرورت ہے، اس سے نہ صرف پولیس کلچر میں تبدیلی آئے گی بلکہ ٹیکنالوجی کے استعمال میں بھی بہتری ہوگی۔ اب سندھ پولیس بھی دنیا کے دیگر ممالک کی طرح جدید خطوط پر استوار ہوگی، شہر بھر میں سی سی ٹی وی پر مبنی سکیورٹی نظام کو وسعت دینا ہے، جس کے لیے آپ سب کا مکمل تعاون درکار ہے، جاوید عالم اوڈھو نے کو فیس لیس چالان سمیت دیگر منصوبوں کی کامیابی پر میں حکومتِ سندھ کا تہہ دل سے مشکور ہوں، جنہوں نے ہمیں مکمل سپورٹ فراہم کی۔ انہوں نے کہا کہ مجھے یہ بتاتے ہوئے خوشی ہو رہی ہے کہ آئندہ ہفتے جدید ہائی ٹیک کیمروں کے ساتھ حیدرآباد میں بھی اس سسٹم کا آغاز کیا جا رہا ہے، اس کا فائدہ یہ ہوگا کہ سڑکوں پر پولیس کی موجودگی کم نظر آئے گی، مگر پولیس کا رسپانس بروقت یقینی بنایا جا سکے گا، ٹریفک پولیس کی ظاہری موجودگی کے بغیر بھی ٹریفک قوانین پر عملدرآمد میں بہتری دیکھنے میں آئی ہے۔ شہر بھر میں نصب کیمروں کی مدد سے جرائم کی شرح میں 30 سے 40 فیصد تک کمی آئی ہے۔ کیمروں کی تنصیب کے حوالے سے میں خصوصی طور پر سی پی کے (CPK) کا شکر گزار ہوں، جن کی کاوشوں سے جرائم کی ڈیٹیکشن میں 70 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ تمام بینکوں، مارکیٹوں اور کمرشل علاقوں میں نصب کیمروں کو سیف سٹی سسٹم کے ساتھ منسلک ہونا چاہیے۔ جس طرح بزنس کمیونٹی نے سندھ پولیس کے ساتھ تعاون کیا ہے، امید ہے کہ آئندہ بھی یہ باہمی اشتراک جاری رہے گا۔ تقریب کے اختتام پر آئی جی سندھ، ایڈیشنل آئی جی کراچی اور ڈی آئی جی ٹریفک کراچی کے مابین یادگاری شیلڈز کا تبادلہ کیا گیا۔

بقیہ نمبر 10

سیشن کورٹس اسلام آباد نے وزیر اعلی خیبر پختونخوا سہیل آفریدی کے خلاف ریاستی اداروں پر الزامات لگانے کے کیس کی سماعت کی اور عدم حاضری پر ان کے ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری کر دیے۔ سہیل آفریدی کیخلاف پیکا ایکٹ کے تحت این سی سی آئی اے نے مقدمہ درج کر رکھا ہے، عدالت نے سہیل آفریدی کو گرفتار کر کے پیش کرنے کا حکم دیا۔ سینئر سول جج عباس شاہ نے سہیل آفریدی کے خلاف درج مقدمہ کی سماعت کی، عدالت نے کیس کی مزید سماعت 8 جون تک ملتوی کر دی۔

بقیہ نمبر 11

عرفان کے نام سے ہوئی ہے، جو حساس مقامات کی ریکی کرتا اور ویڈیوز بنا کر معلومات منتقل کرتا رہا۔ آئی جی پولیس آزاد کشمیر کا کہنا تھا کہ ملزم فوجی تنصیبات اور تعلیمی اداروں کو نشانہ بنانے کی منصوبہ بندی میں بھی ملوث تھا۔ لیاقت علی ملک نے کہا ہے کہ پولیس کی مؤثر کارروائی کے نتیجے میں دشمن کے مذموم عزائم ناکام بنا دیے گئے، جبکہ اس کارروائی کے دوران ایک مکمل نیٹ ورک بھی بے نقاب ہوا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ گرفتار ملزم سوشل میڈیا کے ذریعے بھارتی خفیہ ایجنسی را سے رابطے میں تھا اور حساس مقامات کی معلومات مسلسل منتقل کر رہا تھا، ان کے مطابق ملک دشمن عناصر منظم انداز میں اہم مقامات کی نشاندہی کر کے ریاستی سلامتی کو نقصان پہنچانے کی کوشش کر رہے تھے۔ آئی جی نے کہا کہ ملزم شہریوں کو نشانہ بنانے کی منصوبہ بندی میں بھی ملوث رہا، تاہم پولیس کی بروقت کارروائی نے ممکنہ خطرہ ٹال دیا، ایسے عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی۔ ان کا کہنا تھا کہ آزاد کشمیر کی سرزمین کا تقدس کسی صورت پامال نہیں ہونے دیا جائے گا اور سکیورٹی ادارے خطے کے امن و استحکام کے لیے ہر ممکن اقدامات جاری رکھیں گے۔ واضح رہے کہ 3 روز قبل پاکستان کے سکیورٹی اداروں نے ایک کامیاب انٹیلی جنس آپریشن کے دوران بھارتی خفیہ ایجنسی را کے لیے جاسوسی کرنے والے 3 افراد کو گرفتار کیا تھا۔ گرفتار افراد کا تعلق پنجاب کے اضلاع نارووال اور بہاولپور جبکہ آزاد کشمیر کے ضلع راولاکوٹ سے ہے۔

بقیہ نمبر 12

چلائی جائیں گی۔ معاہدے کی سب سے بڑی پیش رفت لاہور سے راولپنڈی کے درمیان پاکستان کی پہلی فاسٹ ٹرین کا آغاز ہے، جس میں 280 کلومیٹر طویل یہ سفر اب صرف ساڑھے دو گھنٹے میں طے ہو سکے گا۔ حکومتِ پنجاب اس منصوبے کے لیے نئے انجن اور عالمی معیار کی جدید ترین کوچز فراہم کرے گی جبکہ صوبائی حکومت علاقائی روٹس پر سفر کو آسان بنانے کے لیے جدید ڈی ایم یو ٹرینیں چلائے گی۔ اہم روٹس درج ذیل ہیں: اہم روٹس میں شاہدرہ، نارووال اور سیالکوٹ کے درمیان ٹرین سروس، رائیونڈ، قصور اور پاکپتن سے لودھراں تک 370 کلومیٹر طویل روٹ، شیخوپورہ، جڑانوالہ اور شورکوٹ (220 کلومیٹر)، لالہ موسی، ملکوال اور سرگودھا روٹ، کوٹ ادو سے ڈیرہ غازی خان اور کشمور تک 303 کلومیٹر طویل بین الصوبائی روٹ اور فیصل آباد سے براستہ چک جھمرہ اور شاہین آباد ٹرین سروس شامل ہیں۔

بقیہ نمبر 13

کنٹرولر گھوٹکی اور اضافی چارج کشمور کندھ کوٹ، راہول کمار پی کے ملائی ڈسٹرکٹ فوڈ کنٹرولر سکھر، عرفان علی جوکھیو ڈسٹرکٹ فوڈ کنٹرولر خیرپور، نزاکت علی ہسبانی ڈسٹرکٹ فوڈ کنٹرولر تھرپارکر مٹھی، منصور احمد میرانی ڈسٹرکٹ فوڈ کنٹرولر دادو، جگدیش کمار ڈسٹرکٹ فوڈ کنٹرولر لاڑکانہ اور اضافی چارج قمبر شہدادکوٹ جبکہ غلام فاروق کلاری اے ایف سی تعینات بطور ڈسٹرکٹ فوڈ کنٹرولر سانگھڑ کو عہدوں سے ہٹا دیا گیا ہے۔ صوبائی وزیر خوراک مخدوم محبوب الزمان نے کہا ہے کہ محکمہ خوراک میں کرپشن، بدعنوانی اور اختیارات کے ناجائز استعمال کو کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے واضح کیا کہ عوامی مفاد کے خلاف کام کرنے والے اور اپنی ذمہ داریاں دیانتداری سے ادا نہ کرنے والے افسران کے خلاف بلاامتیاز کارروائی جاری رہے گی۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ خوراک میں شفافیت، میرٹ اور احتساب کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا اور بدعنوان عناصر کے لیے محکمہ میں کوئی جگہ نہیں۔ صوبائی وزیر خوراک نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ عوامی وسائل کے تحفظ اور محکمہ خوراک کی کارکردگی بہتر بنانے کے لیے اصلاحاتی اقدامات مزید مؤثر بنائے جائیں گی

بقیہ نمبر 14

کیخلاف سماعت ہوئی، دونوں بہنوں کی جانب سے حاضری سے استثنی کی درخواست دائر کی گئی۔ عدالت نے دونوں بہنوں کی ایک پیشی کیلئے استثنی کی درخواست منظور کر لی اور ان کی عبوری ضمانت میں 7 مئی تک توسیع کر دی۔

بقیہ نمبر 15

مینجمنٹ مثبت اقدام ہے، ہم من حیث القوم سعودی عرب اور قطر کے شکرگزار ہیں۔ اپنے ایکس بیان میں انہوں نے کہا کوئی نہیں جانتا کہ پاکستان کو کب تک غیر ملکی امداد پر انحصار کرنا ہے؟ 24 کروڑ آبادی کی حامل ایک نیوکلیئر ریاست مستقلا قرضوں سے نہیں چلائی جا سکتی۔ پاکستان کے حکمران طبقات جانتے ہیں کہ ترقی کیلئے درکار معاشی نمو کی رفتار بہت کم ہے۔ پاکستان میں غیر ملکی سرمایہ کاری لانے کیلئے دہشت گردی کا خاتمہ، اندرونی سیاسی کشمکش میں کمی، کرپشن فری بزنس فرینڈلی پالیسیاں بنائے جانا اور ان پر مکمل عملدرآمد کرنا بنیادی شرائط ہیں، داخلی استحکام کیلئے مگر آئین کی حکمرانی، بااختیار پارلیمنٹ کی تشکیل، آزاد عدلیہ کا قیام اور میثاق معیشت لازمی اقدامات ہیں۔ امریکہ ایران جنگ کے خاتمے اور خطے میں قیام امن کے عظیم کام سے فراغت کے فوری بعد پاکستان میں داخلی اتحاد امن استحکام اور جمہوری رویوں کے فروغ پر توجہ دی جانی چاہئے۔

بقیہ نمبر 16

فہرست جیل حکام کو بھیجی تھی۔ فہرست میں بیرسٹر گوہر، سلمان اکرم راجہ، سردار لطیف کھوسہ کے نام شامل تھے، بابر اعوان، حامد خان اور انتظار پنجوتھہ کے نام بھی فہرست کا حصہ تھے۔ ذرائع کے مطابق 4 بجے تک ملاقات کا مقررہ وقت ختم ہوگیا، کوئی رہنما ملاقات کیلئے جیل نہیں پہنچا۔

بقیہ نمبر 17

لوڈ شیڈنگ ہو رہی ہے۔ شدید گرمی میں لوڈ شیڈنگ کے باعث امیدواروں کو پرچہ حل کرنے میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔

بقیہ نمبر 18

بابر اعظم نے پاکستان سپر لیگ میں 4 ہزار رنز مکمل کیے اور پی ایس ایل کی تاریخ میں 4 ہزار رنز مکمل کرنے والے پہلے کھلاڑی بنے، انہوں ں نے یہ شاندار سنگ میل 104 میچز کھیل کر حاصل کیا۔ اس سے قبل جنوبی افریقا سے تعلق رکھنے والے کرکٹر رائلی روسو پی ایس ایل میں 100 میچز کھیلنے والے پہلے غیر ملکی کھلاڑی بن گئے، انہوں نے بابر اعظم کے ساتھ خوشی کے لمحات شیئر کیے اور پی ایس ایل انتظامیہ کی جانب سے 100 فلیگز اور 100 گیمز کے ساتھ بابر اعظم اور رائلی روسو کی ایک ساتھ تصویر شیئر کی گئی۔ بابر اعظم پی ایس ایل میں تین مختلف ٹیموں کی نمائندگی کر چکے ہیں جن میں اسلام آباد یونائیٹڈ، کراچی کنگز اور پشاور زلمی شامل ہیں۔ ہر ٹیم کے لیے کھیلتے ہوئے انہوں نے اپنی کارکردگی سے شائقین کرکٹ کو متاثر کیا۔

بقیہ نمبر 19

شرکت کی، اس کانفرنس کا مقصد پاکستان کو درپیش چیلنجز، ترقی کے مواقع اور مستقبل کے امکانات پر مکالمہ اور تبادلہ خیال کرنا تھا۔ کانفرنس کے دوران ماہرہ خان نے پاکستان کی ثقافت، مثبت تشخص اور عالمی سطح پر ملک کی نمائندگی کے حوالے سے اظہار خیال کیا، جسے شرکا کی جانب سے سراہا گیا۔ ماہرہ خان نے خوبصورت لباس میں اپنی تصاویر انسٹاگرام پر شیئر کرتے ہوئے لکھا کہ یہ لمحہ میری یادوں میں ہمیشہ کے لیے نقش ہو جائے گا، کچھ خواب ایسے ہوتے ہیں جنہیں ہم صرف دیکھتے ہیں، اور کچھ ایسے ہوتے ہیں جنہیں کائنات خود ہمارے سامنے لا کر رکھ دیتی ہے۔ یہ بھی ایسا ہی ایک لمحہ تھا۔ ماہرہ خان نے مزید لکھا کہ میں شکرگزار ہوں کہ میں اپنی کہانی کا کچھ حصہ آپ سب کے ساتھ شیئر کر سکی ایک ایسی کہانی جو آپ سب کے بغیر مکمل نہیں ہوتی۔ اس سفر میں میرے ساتھ رہنے کے لیے آپ سب کا شکریہ، خاص طور پر میرے وہ خاص لوگ، جن میں سے ایک سے میری ملاقات کانفرنس میں ہوئی۔ ماہرہ خان نے کہا کہ میں صرف اپنی ذات کی نمائندگی نہیں کرتی بلکہ اس جگہ کی نمائندگی کرتی ہوں جہاں سے میں تعلق رکھتی ہوں۔ ہارورڈ یونیورسٹی میں پاکستان کانفرنس میں خطاب کرنا میرے لیے ایک اعزاز تھا۔ ماہرہ خان نے طلبہ کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ آپ سب نے مجھے اتنی گرمجوشی دی کہ میں سردی بھی بھول گئی۔ آپ سب کا بہت شکریہ، آپ نے واقعی کمال کر دیا۔ اس موقع پر دیگر اہم شخصیات بھی موجود تھیں جن میں سابق وزیر خارجہ حنا ربانی کھر، گلوکارہ مومنہ مستحسن اور فیشن ڈیزائنر حسن شہریار یاسین شامل تھے۔ ماہرہ خان کی اس شرکت کو پاکستان کے مثبت تشخص کے فروغ اور عالمی فورمز پر پاکستانی فنکاروں کی بڑھتی ہوئی موجودگی کے تناظر میں اہم قرار دیا جا رہا ہے۔

بقیہ نمبر 20

مطابق بدھ کی شب فون پر گفتگو کے دوران وانگ یی نے ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی سے کہا کہ آبنائے ہرمز کے ساحلی ملک کی حیثیت سے ایران کی خودمختاری، سلامتی اور جائز حقوق کا احترام کیا جانا چاہیے۔ تاہم ان کا کہنا تھا کہ آبنائے کے ذریعے جہاز رانی کی آزادی اور آمد و رفت کا تحفظ بھی یقینی ہونا چاہیے، عالمی برادری چاہتی ہے کہ آبنائے میں معمول کی آمد و رفت بحال کی جائے۔ انھوں نے کہا کہ موجودہ صورتحال جنگ اور امن کے درمیان ایک نازک مرحلے پر پہنچ چکی ہے۔ ان کے بقول امن کا موقع پیدا ہوا ہے۔ ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے وانگ یی کو بتایا کہ ایران پرامن مذاکرات کے ذریعے ایک معقول اور حقیقت پسندانہ حل تلاش کرنے کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھنے کو تیار ہے۔

بقیہ نمبر 21

نے فواد چودھری کی ایک دوزہ حاضری معافی کی درخواست منظور کر لی۔ عدالت نے عبوری ضمانت کی درخواستوں میں 7 مئی تک توسیع کرتے ہوئے آئندہ سماعت پر وکلا سے دلائل طلب کر لیے۔ انسداد دہشت گردی عدالت کے جج منظر علی گل نے عبوری ضمانت پر سماعت کی۔

بقیہ نمبر 22

فرار ہو گئے، متاثرہ صحافی کی تھانہ لیاقت آباد میں تحریری درخواست جمع، پولیس نے تفتیش شروع کر دی، سی سی ٹی وی فوٹیج حاصل کرنے کی کوشش۔ شہر میں اسٹریٹ کرائم کی بڑھتی وارداتوں پر تشویش، قاضی ناصر الدین کی ملزمان کی فوری گرفتاری کی اپیل۔

بقیہ نمبر 23

ترتیب دیا گیا تاکہ دینی مواد کو آسان انداز میں منتقل کیا جا سکے۔ صوبائی وزیر سید ریاض حسین شاہ شیرازی نے اس علمی اور منفرد کاوش کو سراہتے ہوئے کہا کہ مستند اردو تراجم کو میمنی زبان میں منتقل کرنا ایک مثبت اور قابل قدر اقدام ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس کوشش سے پاکستان اور بیرون ملک مقیم میمنی بولنے والے افراد کو قرآن پاک کی تعلیمات سمجھنے میں آسانی ہوگی۔ انہوں نے مزید کہا کہ قرآن پاک کو سمجھ کر پڑھنا اور اس پر عمل کرنا ہی حقیقی کامیابی کی بنیاد ہے اور اس نوعیت کی کاوشیں دینی شعور کو فروغ دیتی ہیں۔ مترجم محمد یونس ابراہیم چھوٹانی نے کہا کہ ان کا مقصد قرآن پاک کے پیغام کو میمنی زبان میں منتقل کر کے نئی نسل اور عام افراد تک مؤثر انداز میں پہنچانا ہے تاکہ دین کی بہتر سمجھ پیدا ہو سکے۔ صوبائی وزیر نے مترجم کی محنت اور لگن کو سراہا اور نیک خواہشات کا اظہار کیا جبکہ محمد یونس چھوٹانی نے حوصلہ افزائی پر ان کا شکریہ ادا کیا.

بقیہ نمبر 24

یونیورسٹی کی تحقیق میں بتایا گیا کہ زیادہ نمک کے استعمال سے یادداشت پر منفی اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ تحقیق میں مزید بتایا گیا کہ زیادہ نمک سے ان یادوں پر منفی اثرات مرتب ہو سکتے ہیں جو ذاتی تجربات اور ماضی کے مخصوص واقعات سے جڑی ہوتی ہیں، جیسے اسکول کا پہلا دن، پہلا دوست وغیرہ۔ اس تحقیق میں 1208 افراد کو شامل کیا گیا اور ان کی غذائی عادات کی تفصیلات حاصل کی گئیں۔ بعد ازاں نمک کے استعمال سے دماغی صحت پر مرتب اثرات کی جانچ پڑتال کی گئی۔ تحقیق میں دریافت ہوا کہ غذا میں نمک کے استعمال سے یادداشت کی تنزلی کے عمل کی رفتار تیز ہونے کا خطرہ بڑھتا ہے۔

بقیہ نمبر 25

بینک کا کہنا ہے کہ مارچ میں پاکستان کا کرنٹ اکاؤنٹ 1 ارب 7 کروڑ ڈالرز سرپلس رہا، اس سال قبل مارچ 2025 میں کرنٹ اکاؤنٹ 1 ارب 27 کروڑ ڈالرز سرپلس رہا تھا۔ ملکی کرنٹ اکاؤنٹ رواں مالی سال کے پہلے 9 ماہ میں خسارے سے نکل کر 17 کروڑ 40 لاکھ ڈالر پلس ہوگیا، ملکی کرنٹ اکاؤنٹ رواں مالی سال کے پہلے 8 ماہ میں 89 کروڑ 60 لاکھ ڈالر خسارے میں تھا۔

بقیہ نمبر 26

ہرمز کنٹرول کر رہا ہے، لیکن اس کی اپنی کوئی بحریہ نہیں، تجارتی جہازوں کو نشانہ بنانے کی دھمکی کنٹرول نہیں، یہ بحری قزاقی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایران کی توانائی صنعت مکمل تباہ نہیں ہوئی، امریکی ناکہ بندی سے برآمدات بند ہو رہی ہیں، جب تک ضرورت ہوگی ہم آبنائے ہرمز کی ناکہ بندی برقرار رکھیں گے، آبنائے ہرمز میں ٹریفک پر امریکی بحریہ کا کنٹرول ہے، امریکا کے پاس طاقتور نیوی ہے، ایران کے پاس نہیں رہی، مجھے امید ہے کہ آپ ایسا معاہدہ کریں گے جو آپ کی پہنچ میں ہو۔ مزید برآں امریکا کے چیئرمین جوائنٹ چیفس آف اسٹاف جنرل ڈین کین نے دھمکی دیتے ہوئے کہا ہے کہ ایرانی ساحلی پٹی اور بندرگاہوں کی ناکہ بندی کر رہے ہیں، سمندری ناکہ بندی ایران جانے والے تمام جہازوں کے لیے ہے، آبنائے ہرمز سے کسی کو گزرنے کی اجازت نہیں، امریکی افواج ایک اشارے پر حملے کے لیے تیار ہے۔ واشنگٹن میں جمعرات کو نیوز بریفنگ کے دوران امریکا کے چیئرمین جوائنٹ چیفس آف اسٹاف جنرل ڈین کین نے کہا کہ آبنائے ہرمز کی ناکہ بندی ان تمام جہازوں پر لاگو ہے جو ایرانی بندرگاہوں میں داخل یا وہاں سے نکل رہے ہیں اور ناکہ بندی کا نفاذ ایران کی علاقائی سمندری حدود کے ساتھ ساتھ بین الاقوامی پانیوں میں بھی کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ یہ پابندی کسی ایک ملک تک محدود نہیں بلکہ تمام جہازوں پر لاگو ہے، چاہے ان کا تعلق کسی بھی ملک سے ہو۔ جنرل ڈین کین کے مطابق امریکی فوج ایران کے خلاف کسی بھی ممکنہ کارروائی کے لیے مکمل طور پر تیار ہے اور ایران کی مدد کرنے والے کسی بھی جہاز کا بھی تعاقب کیا جائے گا۔ جنرل ڈین کین کا کہنا تھا کہ ایرانی بندرگاہوں کی طرف جانے والے جہازوں کو روکا جائے گا اور ضرورت پڑنے پر ان کے خلاف کارروائی بھی کی جا سکتی ہے تاہم ابھی تک کسی جہاز کے خلاف کارروائی نہیں ہوئی، امریکی افواج ایک اشارے پر حملے کے لیے تیار ہے۔ چیئرمین جوائنٹ چیفس آف اسٹاف نے مزید کہا کہ بحری ناکہ بندی کا مقصد تیل کی سپلائی روکنا ہے، اب تک 13 جہازوں کو واپس بھیجا جا چکا ہے، ناکہ بندی کے باعث ایران کی برآمدات رک گئی ہیں۔

بقیہ نمبر 27

گھنٹوں غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ سے موبائل براڈ بینڈ سمیت ٹیلی کام سروسز بھی بحران سے دوچار ہیں، موبائل نیٹ ورک کی دستیابی اور سروس کے معیار پر منفی اثرات پڑ رہے ہیں۔ صارفین کو کال ڈراپ، سست انٹرنیٹ جیسے مسائل کا سامنا ہے۔ شہری و دیہی علاقوں میں صارفین نے گھنٹوں موبائل انٹرنیٹ بند رہنے کی بھی شکایات کیں۔

بقیہ نمبر 28

بریفنگ میں کہا کہ اسلام آباد مذاکرات کے انعقاد میں وزیر اعظم شہباز شریف نے بھرپور کردار ادا کیا، پاکستان کی امریکہ اور ایران کے درمیان سفارتی کاری کو سراہا جا رہا ہے، وزیر اعظم ریجنل ممالک کے دورے پر ہیں، فیلڈ مارشل کل تہران پہنچے ہیں۔ ترجمان نے کہا کہ پاکستان کے اس کردار کو دنیا بھر کے سفارتی حلقوں میں سراہا جا رہا ہے، دورے سے پہلے وزیر اعظم نے دنیا کے مختلف ممالک کے سربراہان سے رابطے کیے، نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار اور ان کی ٹیم امن مذاکرات کے انعقاد کیلئے کوشاں رہی۔ انہوں نے بتایا کہ پاکستان کی کوششوں سے ایران امریکا جنگ بندی ممکن ہوئی، وزیر اعظم شہباز شریف کو دیگر ممالک کی قیادت کی ٹیلی فون کالز موصول ہوئیں، ایران امریکا کے مذاکرات 21 گھنٹے جاری رہے، مجموعی طور پر یہ پراسس تقریبا 30 گھنٹے تک رہا، دونوں وفد نے پاکستانی حکام سے ملاقاتیں کی، مذاکرات عمل مجموعی طور پر تعمیری رہا۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا ہے کہ پاکستان لبنان میں اسرائیلی جارحیت اور حملوں کی شدید مذمت کرتا ہے، لبنان جنگ بندی امریکہ ایران کے درمیان ہو رہے مذاکرات کا حصہ ہے اور اسے اسی تناظر میں دیکھا جا رہا ہے، پاکستان پیچیدہ جغرافیائی سیاسی چیلنجز اور تنازعات کے حل کے لیے اصولی، مکالمہ پر مبنی اور سفارتی پالیسی پر عمل پیرا ہے اور مختلف فریقین کے درمیان رابطے برقرار رکھے ہوئے ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے بطور سہولت کار اور ثالثی کردار کے تحت متعلقہ فریقین کے ساتھ کھلے رابطے جاری رکھے ہیں تاکہ خطے میں کشیدگی کو کم کیا جا سکے اور تنازعات کے پرامن حل کی راہ ہموار ہو۔ ترجمان کے مطابق نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار اور اعلی عسکری قیادت کے رابطوں اور سفارتی کوششوں کا مقصد خطے میں امن و استحکام کو فروغ دینا ہے، پاکستان کا مقف ہمیشہ یہ رہا ہے کہ تنازعات کا حل صرف بات چیت اور تعاون کے ذریعے ہی ممکن ہے۔ دفتر خارجہ کے مطابق پاکستان کی اعلی عسکری قیادت کے دورہ ایران سمیت مختلف سفارتی روابط بھی اسی پالیسی کا تسلسل ہیں، جن کا مقصد علاقائی امن کے لیے مشاورت اور رابطوں کو مزید مؤثر بنانا ہے، پاکستان عالمی سطح پر ایک تعمیری اور ذمہ دار ریاست کے طور پر اپنا کردار جاری رکھے گا اور تمام تنازعات کے حل کے لیے بات چیت اور سفارت کاری کو ہی واحد مؤثر راستہ سمجھتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا ہے کہ پاکستان کی اعلی قیادت خطے اور عالمی سطح پر سفارتی روابط کو مسلسل فعال رکھے ہوئے ہے تاکہ پیچیدہ جغرافیائی و سیاسی چیلنجز سے نمٹا جا سکے اور معاشی و سفارتی تعاون کو فروغ دیا جا سکے]پاکستان کی سفارت کاری کا محور مسلسل رابطہ، مذاکرات اور عالمی شراکت داروں کے ساتھ تعاون کو فروغ دینا ہے، اور یہی پالیسی خطے میں استحکام اور معاشی بہتری کے لیے بنیادی حیثیت رکھتی ہے۔

بقیہ نمبر 29

مشترک ہے، جو ہمارے گہرے دوطرفہ تعلقات کی عکاسی کرتا ہے۔ آئی ایس پی آر کا کہنا ہے کہ یہ دورہ تہران امریکہ اور ایران کے درمیان جاری ثالثی کی کوششوں کے سلسلے کی ایک کڑی ہے، محسن نقوی بھی اس موقع پر فیلڈ مارشل کے ہمراہ موجود ہیں۔

بقیہ نمبر 30

کے کامیاب تجربہ پر مبارک باد دی اور اسے سمندری حدود کے دفاع میں اہم پیشرفت قرار دیا۔ دوسری جانب وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اور وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف نے پاک بحریہ کے اینٹی شپ میزائل کے کامیاب تجربے پر قوم کو مبارکباد پیش کی ہے۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ اینٹی شپ میزائل کا کامیاب تجربہ پاک بحریہ کے سائنسدانوں اور انجینئرز کی قابل تحسین کاوش ہے، فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر اور نیول چیف ایڈمرل نوید اشرف کی قیادت میں پاکستان نے دفاعی میدان میں ایک اور اہم کامیابی حاصل کی ہے۔ محسن نقوی نے کہا کہ یہ تجربہ دفاعی شعبے میں ایک اہم سنگ میل ہے اور سمندری سرحدوں کے دفاع کے لیے ایک قابل اعتماد قدم ثابت ہوگا۔ علاوہ ازیں، وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف نے مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر اور نیول چیف ایڈمرل نوید اشرف کی قیادت میں ٹیم نے بحری دفاع کے لیے نمایاں کامیابی حاصل کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ تجربہ اس بات کا ثبوت ہے کہ پاکستان امن کا خواہاں ہے مگر اپنے دفاع سے غافل نہیں۔

بقیہ نمبر 31

زراعت، تعلیم، صحت، انفراسٹرکچر اور مالیاتی گورننس میں بڑی اصلاحات کا جائزہ لیا۔ وزیر اعلی نے کابینہ کی مشاورت سے فیصلہ کیا کہ متوفی کوٹہ کے تحت وہ کیسز جن کی درخواستیں ستمبر 2024 سے پہلے جمع کرائی گئی تھیں اور وہ دیگر شرائط پر پورا اترتے ہیں، ان پر میرٹ پر کارروائی کی جائے گی۔ کابینہ نے نوٹ کیا کہ متوفی کوٹہ پالیسی 2002 میں متعارف کرائی گئی تھی۔ مزید مشاہدہ کیا گیا کہ سپریم کورٹ آف پاکستان نے 26.09.2024 کے اپنے فیصلے کے ذریعے متوفی کوٹہ سے متعلق تمام قانونی دستاویزات کو امتیازی اور ماورائے قانون (ultra vires) قرار دیا تھا۔ نتیجتا، حکومت سندھ نے مذکورہ فیصلے کے پیش نظر متوفی کوٹہ کے کیسز پر کارروائی روک دی تھی۔ تفصیلی غور و خوض کے بعد، کابینہ نے منظوری دی کہ ستمبر 2024 سے پہلے دائر کردہ متوفی کوٹہ کے کیسز پر قانون کے مطابق غور کیا جا سکتا ہے اور متعلقہ محکموں کی جانب سے میرٹ پر کارروائی کی جا سکتی ہے۔ سندھ کابینہ نے ضلع گھوٹکی کی تحصیل اوباوڑو میں گھنڈی کے مقام پر میرکوش ریگولیٹر پر گھوٹکی فیڈر کے بائیں کنارے واقع محکمہ آبپاشی کی 6 ایکڑ اراضی پولیس اسٹیشن (PS) کھمرا کی نئی عمارت اور ایمرجنسی کیمپ کی تعمیر کے لیے الاٹ کرنے کی منظوری دی۔ پولیس اسٹیشن کھمرا کی تزویراتی اہمیت کو تسلیم کرتے ہوئے، جس کا دائرہ اختیار اہم صنعتی علاقوں، موٹر وے کے حصوں، کچے کے علاقے اور سندھ و پنجاب کے سرحدی پوائنٹس تک پھیلا ہوا ہے، کابینہ نے کھمرا گاں کے اندر واقع موجودہ پولیس اسٹیشن کی عمارت کو پولیس پوسٹ میں تبدیل کرنے کی بھی منظوری دی تاکہ مقامی آبادی کو خدمات کی فراہمی جاری رہے۔ نئی عمارت اور ایمرجنسی کیمپ کی تعمیر کے لیے، کابینہ نے اسکیم کے لیے 70 ملین روپے اور مالی سال 272026 کے لیے 55.611 ملین روپے کی منظوری دی، جبکہ کل تخمینہ لاگت 125.611 ملین روپے ہے۔ سندھ کابینہ نے محکمہ بلدیات کے تحت روہڑی ریلوے اسٹیشن کی اپ گریڈیشن کے لیے صوبائی حصے کے فنڈز جاری کرنے کی منظوری دی۔ وزیر اعلی اور وفاقی وزیر ریلوے کے درمیان ہونے والی ملاقات میں کیے گئے فیصلے کے مطابق، پاکستان ریلوے نے 60:40 لاگت کی شراکت داری کی بنیاد پر ٹینڈرنگ کا عمل شروع کیا۔ 1,277.16 ملین روپے کے ٹینڈر کی منظوری کے بعد، حکومت سندھ کا 40 فیصد حصہ نظرثانی کے بعد 497.574 ملین روپے بنتا ہے۔ کابینہ نے پاکستان ریلوے کے حق میں بطور گرانٹ ان ایڈ (Grant-in-Aid) 497.574 ملین روپے جاری کرنے کی منظوری دی اور یہ فنڈز سیکریٹری بلدیات کے سپرد کیے تاکہ وہ اسے تقسیم کر سکیں۔ کابینہ نے رواں مالی سال 262025 کے دوران روہڑی ریلوے اسٹیشن کی اپ گریڈیشن کے لیے 497.574 ملین روپے کی گرانٹ ان ایڈ کی منظوری دی۔ قانونی اور انتظامی طریقہ کار کی تکمیل، بشمول عوامی مشاورت کے بعد، لیاری نڈی کو باضابطہ طور پر ٹی ایم سی (TMC) لیاری کے دائرہ اختیار میں دے دیا گیا۔ کابینہ نے واضح کیا کہ زرعی مارکیٹ کمیٹیوں کی پنشن کی واجبات ان کے اپنے وسائل سے پوری کی جائیں گی، جبکہ مالی استحکام کو یقینی بنانے کے لیے واجب الادا رقوم کی سخت ریکوری کی ہدایت کی۔ کابینہ نے شفافیت اور مالی نگرانی کو بہتر بنانے کے مقصد سے سندھ بینک لمیٹڈ کے ذریعے اشیا کی درآمد کے لیے لیٹرز آف کریڈٹ (LCs) کھولنے اور پراسیس کرنے کے نئے طریقہ کار کی منظوری دی۔ یہ اس سابقہ روایت کی جگہ لے گا جس کے تحت درآمدی لین دین کے دوران عوامی فنڈز مختلف نجی کمرشل بینکوں میں بکھرے رہتے تھے۔ اجلاس کو آگاہ کیا گیا کہ ایل سی سے متعلق لین دین کو سندھ بینک کے ذریعے منتقل کرنے سے بہتر نگرانی کو یقینی بنایا جا سکے گا، عوامی فنڈز کے پھیلاؤ کو کم کیا جا سکے گا اور بینک کے تجارتی مالیاتی آپریشنز کو تقویت ملے گی۔ اس سے غیر ضروری چارجز اور ایکسچینج سے متعلق وہ فوائد بھی کم ہوں گے جو پہلے نجی بینکوں کو حاصل ہوتے تھے۔ وزیر اعلی مراد علی شاہ نے سندھ حکومت کے تمام محکموں، خودمختار اداروں اور گرانٹ وصول کرنے والے اداروں کو ہدایت کی کہ وہ درآمدات سے متعلق ایل سیز کو خصوصی طور پر سندھ بینک کے ذریعے پراسیس کریں تاکہ کارکردگی، شفافیت اور بہتر مالیاتی نظم و ضبط کو یقینی بنایا جا سکے۔ کابینہ نے 31 دسمبر 2024 اور 2025 کو ختم ہونے والے سالوں کے لیے سندھ بینک لمیٹڈ کے بورڈ آف ڈائریکٹرز، بورڈ کمیٹیوں، انفرادی ڈائریکٹرز اور صدر/ سی ای او کی کارکردگی کی جانچ کی منظوری دی، جو کہ ایک آزاد فرم نے انجام دی تھی۔ اس جائزے میں بینک کی مجموعی گورننس کو "بہت اچھی / نمایاں طور پر اطمینان بخش" قرار دیا گیا، جس میں 3.94 سے 4.00 کے درمیان اسکور رہے، جو مضبوط قیادت، موثر نگرانی، درست رسک مینجمنٹ اور مضبوط ادارہ جاتی کارکردگی کی عکاسی کرتے ہیں۔ مستقبل کے جائزوں کو مزید آسان بنانے کے لیے، کابینہ نے سندھ بینک کی سالانہ کارکردگی کے جائزوں کی منظوری کا اختیار وزیر اعلی کو بطور وزیر خزانہ تفویض کرنے پر بھی غور کیا، تاکہ ریگولیٹری تقاضوں کی بروقت اور موثر تعمیل کو یقینی بنایا جا سکے۔ کابینہ نے ڈائریکٹوریٹ آف اینٹی انکروچمنٹ فورس (AEF)، بورڈ آف ریونیو کے بھرتی کے قواعد کے مسودے کی منظوری دی، جس سے سندھ پبلک پراپرٹی (اینٹی انکروچمنٹ) ایکٹ 2010 کے تحت قائم کی گئی فورس کو ایک باضابطہ سروس اسٹرکچر فراہم کیا گیا ہے۔ یہ قواعد بی پی ایس 01- سے بی پی ایس 19- تک کے عہدوں کے لیے طریقہ تقرری، قابلیت، ترقیوں اور سروس کی شرائط کا تعین کرتے ہیں۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ 2010 میں اپنے قیام کے بعد سے اینٹی انکروچمنٹ فورس بغیر کسی مخصوص بھرتی کے قواعد کے کام کر رہی تھی اور جزوی طور پر پولیس کے قواعد پر انحصار کرتی تھی۔ نئے منظور شدہ ڈھانچے کا مقصد ادارہ جاتی صلاحیت کو مضبوط بنانا، سندھ پبلک سروس کمیشن کے ذریعے میرٹ پر مبنی بھرتی کو یقینی بنانا اور ترقیوں اور انتظامی کنٹرول کو بہتر بنانا ہے۔ وزیر اعلی سید مراد علی شاہ نے حکام کو ہدایت کی کہ وہ ان قواعد پر من و عن عمل درآمد کریں، اور اس بات پر زور دیا کہ عوامی املاک کے تحفظ، تجاوزات کے خاتمے اور صوبے بھر میں قانون کی حکمرانی کو برقرار رکھنے میں ضلعی انتظامیہ کی مدد کے لیے ایک منظم اور پیشہ ورانہ فورس ضروری ہے۔ سندھ فارمرز زرعی کلیکو ایکٹ 2026 کے مسودے کی منظوری دیتے ہوئے، کابینہ نے وسائل کے مشترکہ استعمال، جدید زرعی طریقوں اور مارکیٹ تک بہتر رسائی کے لیے کسانوں کے اشتراک کو فروغ دینے کی طرف قدم بڑھایا۔ قانون سازی سے پہلے سفارشات کو حتمی شکل دینے کے لیے ایک ذیلی کمیٹی تشکیل دی گئی ہے۔ ڈیجیٹل مہارتوں کو مضبوط بنانے کے لیے، کابینہ نے ٹیک ویلی پاکستان کے ساتھ 30 یونیورسٹیوں میں گوگل کیریئر سرٹیفکیٹ کے 19,200 وظائف کے لیے مفاہمت کی یادداشت (MoU) کی منظوری دی۔ اس اقدام کا مقصد طلبا کو اے آئی (AI)، سائبر سکیورٹی، ڈیٹا اینالیٹکس اور کلاؤڈ ٹیکنالوجیز میں تربیت سے آراستہ کرنا ہے۔ کابینہ نے ریئل ٹائم ڈیجیٹل مانیٹرنگ کے ذریعے اسکول چھوڑنے والے بچوں کی شرح کو کم کرنے کے لیے اسٹوڈنٹ اٹینڈنس مانیٹرنگ اینڈ ریڈریس سسٹم (SAMRS) کی توسیع کی بھی توثیق کی۔ کابینہ نے سندھ انٹیگریٹڈ ہیلتھ اینڈ پاپولیشن پروگرام (SIHPP) کے تحت حاملہ خواتین کے لیے ملٹی پل مائیکرو نیوٹرینٹ سپلیمنٹس (MMS) کی خریداری کے لیے محکمہ صحت اور یونیسیف کے درمیان معاہدے پر دستخط کرنے کی منظوری دی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ عالمی ادارہ صحت کی سفارشات پر مبنی اس اقدام کا مقصد حاملہ خواتین کی غذائیت کو بہتر بنانا ہے، جس کے لیے تقریبا 1.37 ملین سپلیمنٹس کی بوتلیں فراہم کی جائیں گی، جس کی کل تخمینہ لاگت 2.4 ملین ڈالر ہے، جو حکومت اور یونیسیف مشترکہ طور پر فراہم کریں گے۔ وزیر اعلی سید مراد علی شاہ نے ہدایت کی کہ تمام قانونی اور طریقہ کار کے تقاضے پورے کیے جائیں اور ایکنیک (ECNEC) کی جانب سے نظرثانی شدہ پی سی-ون (PC-I) کی منظوری کے بعد معاہدے پر باضابطہ دستخط کیے جائیں، تاکہ زچہ و بچہ کی صحت کے اقدام پر بروقت عمل درآمد کو یقینی بنایا جا سکے۔ سندھ کابینہ کو تھرپارکر، جامشورو، ٹھٹھہ، سجاول اور قمبر شہدادکوٹ سے تعلق رکھنے والی 94 کنٹریکٹ کمیونٹی مڈوائف ورکرز (CMWs) کی مستقلی کے معاملے پر بریفنگ دی گئی، جو اس وقت محکمہ صحت کے تحت کام کر رہی ہیں۔ بتایا گیا کہ عدالت نے محکمہ صحت کو ہدایت کی ہے کہ وہ مستقلی پر غور کے لیے مجاز فورم کو تجویز پیش کرے اور سابقہ احکامات کی تعمیل کو یقینی بنائے، بشمول جہاں ضرورت ہو وہاں تنخواہوں کا اجرا کیا جائے۔ وزیر صحت ڈاکٹر عذرا فضل نے کابینہ کو بتایا کہ سی ایم ڈبلیوز کے کنٹریکٹ کی مدت پہلے ہی 30.06.2025 سے بڑھا کر 30.06.2027 کر دی گئی ہے۔ کابینہ نے فیصلہ کیا کہ چونکہ ملازمین کے کنٹریکٹ میں پہلے ہی توسیع کر دی گئی ہے، اس لیے ان کی تنخواہیں جاری رہیں گی، لیکن ان کی تقرریاں کنٹریکٹ کی بنیاد پر ہی رہیں گی۔ کابینہ کا اجلاس گورننس اصلاحات، ڈیجیٹل تبدیلی، قانونی تعمیل اور تعلیم، صحت، زراعت اور انفراسٹرکچر میں ٹارگٹڈ سرمایہ کاری پر مرکوز رہا جس کا مقصد پورے سندھ میں خدمات کی فراہمی کو بہتر بنانا ہے۔

بقیہ نمبر 32

شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سنجیدہ کوششوں میں مصروف ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے خطے کی کشیدہ صورتحال کے پیش نظر ضروری اقدامات کیے، گیس اور پٹرول کی سپلائی چین بحال رکھنے کیلئے اقدامات کر رہے ہیں، خطے میں کشیدگی کے باعث سپلائی چین متاثر ہوئی۔

بقیہ نمبر 33

قبضے میں لے کر پولیس نے مقدمہ درج کر لیا ہے۔ پولیس کے مطابق ملزمان کی تلاش جاری ہے۔

بقیہ نمبر 34

چاہیے۔ جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب نے کہا کہ غیر ضروری قانونی چارہ جوئی عدلیہ پر بوجھ، قانونی یقینی صورتحال میں رکاوٹ اور عوامی وسائل کا ضیاع ہے۔ چیئرمین ایف بی آر راشد محمود لنگڑیال نے ججز کی تجاویز کا خیر مقدم کرتے ہوئے ان پر عملدرآمد کی یقین دہانی کرائی۔ اجلاس کے اعلامیہ کے مطابق ایف بی آر کے ڈائریکٹر لیول کے افسران ہر ہائی کورٹ میں ٹیکس معاملات کی نمائندگی کے لیے نامزد کیے جائیں گے۔ ہر صوبے میں ریفرنسز فائل کرنے کی جانچ پڑتال کے لیے سکروٹنی کمیٹیاں تشکیل دی جائیں گی، سندھ ہائی کورٹ کے تیار کردہ فیصلوں کے ڈیٹا بیس کو سپریم کورٹ، تمام ہائی کورٹس اور ایف بی آر کے ساتھ شیئر کیا جائے گا۔ اعلامیہ کے مطابق سپریم کورٹ، ہائی کورٹس اور ایف بی آر کے آئی ٹی ونگز ڈیٹا کو ہم آہنگ کرنے کے لیے مل کر کام کریں گے، دور دراز علاقوں میں تعینات افسران کو ویڈیو لنک کے ذریعے عدالتی کارروائی میں شرکت کی سہولت دی جائے گی۔ اجلاس میں سپریم کورٹ کے جج جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب اور تمام ہائی کورٹس کے نامزد ججز نے شرکت کی، چیئرمین پی ایم ٹاسک فورس برائے ٹیکس لیگیشن اور چیئرمین ایف بی آر بھی اجلاس میں شریک ہوئے۔

بقیہ نمبر 35

کے لیے 10 روزہ جنگ بندی پر اتفاق کیا ہے، جو منگل کو امریکی مشرقی وقت کے مطابق شام 5 بجے سے نافذ ہوگی۔ انہوں نے بتایا کہ منگل کے روز واشنگٹن ڈی سی میں اسرائیل اور لبنان کے نمائندوں کی 34 سال بعد پہلی ملاقات ہوئی، جس میں امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو بھی شریک تھے۔ ٹرمپ کے مطابق انہوں نے نائب صدر جے ڈی وینس، وزیر خارجہ مارکو روبیو اور چیئرمین جوائنٹ چیفس آف اسٹاف ڈین کین کو ہدایت دی ہے کہ وہ اسرائیل اور لبنان کے ساتھ مل کر دیرپا امن کے لیے کام کریں۔ امریکی صدر نے مزید کہا کہ وہ دنیا بھر میں 9 جنگوں کے خاتمے میں کردار ادا کر چکے ہیں اور یہ ان کی 10 ویں کوشش ہے، جسے وہ مکمل کرنے کے خواہش مند ہیں۔

بقیہ نمبر 36

45 فیصد پیٹرولیم مصنوعات کی راہ گزر یہاں سے ہے، قطر سے مکمل سپلائی بحال ہونے میں دو سے تین سال لگ سکتے ہیں۔

بقیہ نمبر 37

جبکہ قطری مسلح افواج کے چاک و چوبند دستے نے انہیں سلامی پیش کی، اس موقع پر دوحہ ائیر پورٹ اور شہر کو پاکستانی پرچموں سے بھی سجایا گیا۔ وزیر اعظم اپنے دورے کے دوران امیر قطر شیخ تمیم بن حمد آل ثانی سے اہم ملاقات کریں گے، جس میں دوطرفہ تعلقات کے فروغ، اقتصادی تعاون اور خطے و عالمی امن سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا جائے گا۔ وزیر اعظم کے ہمراہ نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار، وزیر اطلاعات و نشریات عطا اللہ تارڑ، معاون خصوصی طارق فاطمی اور بین الاقوامی میڈیا کے لیے وزیر اعظم کے ترجمان مشرف زیدی بھی موجود ہیں۔

بقیہ نمبر 38

بڑھا دیا جائے گا۔ بتایا گیا کہ یہ مالی معاونت پاکستان کی بیرونی فنانسنگ ضروریات کے لیے نہایت اہم وقت پر فراہم کی گئی ہے، جس سے زرمبادلہ ذخائر کو مضبوط بنانے اور بیرونی کھاتوں کو مستحکم کرنے میں مدد ملے گی۔ یہ بھی بتایا گیا کہ حکومت آئی ایم ایف پروگرام کے تحت اپنے اہداف کے مطابق ذخائر کو تقریبا 18 ارب ڈالر تک لے جانے کے لیے پرعزم ہے، جو تقریبا 3.3 ماہ کی درآمدات کے برابر ہوں گے۔ ذرائع وزارت خزانہ کے مطابق متحدہ عرب امارات کو رواں ماہ 3.5 ارب ڈالر کی ادائیگی کی جانی ہے، جو زرمبادلہ کے سرکاری ذخائر کا 18 فیصد بنتی ہے، تاہم سعودی معاونت کے باعث اس ادائیگی سے ذخائر پر پڑنے والا دباؤ کم ہوگا۔

بقیہ نمبر 39

اپنے دورہ سعودی عرب میں گزشتہ شب جدہ سے مدینہ منورہ پہنچے، ایئرپورٹ پر مدینہ منورہ کے گورنر شہزادہ سلمان بن سلطان بن عبدالعزیز آل سعود نے وزیر اعظم اور پاکستانی وفد کا گرمجوشی سے استقبال کیا۔ مدینہ منورہ آمد کے فورا بعد وزیر اعظم شہباز شریف نے مسجد نبوی ﷺ میں حاضری دی، اس موقع پر وزیر اعظم اور پاکستانی وفد کے لیے روضہ رسول ﷺ کے دروازے خاص طور پر کھولے گئے۔ وزیر اعظم نے روضہ رسول ﷺ پر درود و سلام پیش کیا اور زیارت خاص کا شرف حاصل کیا، جس کے بعد وزیر اعظم نے مسجد نبوی ﷺ میں نوافل ادا کیے اور ملک و قوم کی ترقی، خوشحالی، معاشی استحکام سمیت دنیا بھر میں امن و آشتی کے لیے خصوصی دعائیں مانگیں۔

بقیہ نمبر 40

کی طرح دو ادوار میں مذاکرات ادھورے چھوڑ کر چلا گیا، اور اس بار بھی یہی طرز عمل دہرایا گیا۔ ایرانی سفیر کے مطابق ایسا محسوس ہوتا ہے کہ شاید امریکہ، بنیامین نیتن یاہو کی اجازت کے بغیر کوئی فیصلہ نہیں کر سکتا۔ انہوں نے واضح کیا کہ ایران آئندہ مذاکرات کے لیے مکمل طور پر تیار ہے اور اگر سنجیدگی کے ساتھ بات چیت کی جائے تو کسی بھی معاہدے تک پہنچنے کے لیے آمادہ ہے، انہوں نے امریکہ اور اسرائیل کو خبردار کرتے ہوئے کہا کہ جو کچھ وہ مذاکرات کے ذریعے حاصل نہیں کر سکے، وہ جنگ کے ذریعے بھی حاصل نہیں کر پائیں گے۔ رضا امیری مقدم نے کہا کہ ایران ماضی میں بھی اس حوالے سے لچک دکھا چکا ہے اور اب بھی تیار ہے، لیکن ضروری ہے کہ تمام پابندیاں ختم کی جائیں اور منجمد اثاثے بحال کیے جائیں، جبکہ مذاکرات میں ایران کے حقوق کا مکمل تحفظ یقینی بنایا جائے۔ ایرانی سفیر کے مطابق سید عاصم منیر اس سلسلے میں کوششیں جاری رکھے ہوئے ہیں، اور انہی کی کاوشوں کے نتیجے میں آئندہ مذاکرات کی نئی تاریخوں کے حوالے سے پیش رفت متوقع ہے۔

بقیہ نمبر 41

4 ہزار 862 روپے ہوگیا ہے۔ دس گرام سونے کا بھاؤ 1200 روپے اضافے سے 4 لاکھ 32 ہزار 837 روپے ہوگیا ہے۔ ایسوسی ایشن کے مطابق عالمی بازار میں سونے کا بھاؤ 14 ڈالر اضافے سے 4 ہزار 825 ڈالر فی اونس ہوگیا ہے۔

بقیہ نمبر 42

کہ امریکا اور اسرائیل کی جانب سے شہری تنصیبات پر حملوں کی شدید مذمت کرتے ہیں، سکولوں اور زچگی وارڈز پر حملے انسانی اور بین الاقوامی اصولوں کی خلاف ورزی ہیں، ایسے اقدامات شرمناک ہیں، دنیا کو اس کا نوٹس لینا چاہیے۔ مسعود پزشکیان نے کہا کہ ایران کو دہشت گرد کہنے والے خود معصوم افراد کا قتل عام کر رہے ہیں، ایران نے کوئی جرم نہیں کیا اور ہمیشہ امن و استحکام کا خواہاں رہا ہے۔ ایرانی صدر نے کہا کہ ایران مذاکرات اور تعمیری تعاون پر یقین رکھتا ہے، ایرانی عوام کا اتحاد دشمن کی سازشوں کی ناکامی کی وجہ بنا، جنگ کے دوران ایرانی ہلال احمر کی خدمات قابل تحسین ہیں۔

بقیہ نمبر 43

کہ عوام کی تکالیف کا فی الفور ازالہ کیا جائے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اظہار خیال کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پورا ملک بجلی اور گیس کی لوڈشیڈنگ سے بری طرح متاثر ہے، بجلی پیدا کرنے کی صلاحیت 49 ہزار میگا واٹ ہے اور اس وقت استعمال نصف سے بھی کم ہے۔ مگر عوام کو بجلی میسر نہیں۔ حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ اگر تیل و گیس سے بجلی پیدا کرنے میں مشکلات ہیں تو دیگر ذرائع سے آسانی درکار بجلی مل سکتی ہے۔ انہوں نے سوال کیا کہ کیا پیداواری صلاحیت میں اضافہ صرف آئی پی پیز کو نوازنے کے لیے کیا گیا تھا؟ جو کیپسٹی چارجز کی مد میں بجلی بنائے بغیر ہزاروں ارب وصول کر چکی ہیں۔ توانائی شعبے میں حکومتی نااہلی کی سزا عوام اور صنعت کار بھگت رہے ہیں اور فائدہ آئی پی پیز کا ہو رہا ہے۔

پنجاب کے 10 اضلاع میں نئی الیکٹرو بسیں فراہم کرنے کی منظوری

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی زیرصدارت خصوصی اجلاس میں صوبے میں جدید اور ماحول دوست ٹرانسپورٹ نظام کے فروغ کیلئے اہم فیصلے کیئے گئے

اجلاس میں 10 اضلاع اٹک، بھکر، حافظ آباد، خانیوال، لیہ، شیخوپورہ، گوجرانوالہ، سیالکوٹ، منڈی بہاؤالدین اور اوکاڑہ میں نئی الیکٹروبسیں فراہم کرنے کی منظوری دی گئی

لاہور(ویب ڈیسک)وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے پنجاب کے 10اضلاع میں نئی الیکٹروبسیں فراہم کرنے کی منظوری دے دی۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی زیرصدارت خصوصی اجلاس میں صوبے میں جدید اور ماحول دوست ٹرانسپورٹ نظام کے فروغ کیلئے اہم فیصلے کئے گئے۔ اجلاس میں فری ٹرانسپورٹ پروگرام، الیکٹرک بسوں، ای ٹیکسی سکیم اور ماس ٹرانزٹ منصوبوں پر پیشرفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا، بریفنگ میں بتایا گیا کہ وزیراعلیٰ کے فری ٹرانسپورٹ پروگرام کے تحت 21روٹس پر سوا لاکھ سے زائد مسافر مستفید ہو چکے ہیں جبکہ مجموعی طور پر3560بس ٹرپس مکمل کئے جا چکے ہیں۔ اجلاس میں 10اضلاع اٹک، بھکر، حافظ آباد، خانیوال، لیہ، شیخوپورہ، گوجرانوالہ، سیالکوٹ، منڈی بہاالدین اور اوکاڑہ میں نئی الیکٹروبسیں فراہم کرنے کی منظوری دی گئی، منصوبے کے مطابق رواں ماہ100، مئی کے وسط تک 350اور جون کے آخر تک مزید 264الیکٹروبسیں پنجاب پہنچ جائیں گی، ہرڈویژن میں ....بقیہ صفحہ 3 نمبر7

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کا پاک بحریہ کے اینٹی شپ میزائل کے کامیاب تجربے پر اظہار تشکر

لاہور(ویب ڈیسک)وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے پاک بحریہ کے اینٹی شپ میزائل کے کامیاب تجربے پر اظہار تشکر کیا اور اینٹی شپ میزائل کے کامیاب تجربے پر پاک بحریہ اور پوری قوم کو مبارکباد دی ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز نے فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر اور ....بقیہ صفحہ 3 نمبر8

آئی جی سندھ کی نئے ٹریفک مانیٹرنگ سسٹم سے متعلق آگاہی کی تقریب میں شرکت

ڈی آئی جی ٹریفک کراچی پیر محمد شاہ نے مہمان خصوصی آئی جی سندھ اور دیگر مہمانوں کا استقبال کیا

کراچی(اسٹاف رپورٹر)آئی جی سندھ جاوید عالم اوڈھو کی ٹریفک پولیس کراچی کی جانب سے نئے ٹریفک مانیٹرنگ سسٹم(TRACS)سے متعلق آگاہی کے لئے منعقدہ تقریب میں شرکت۔ مقامی ہوٹل میں" An hour with Traffic Police Karachi"کے عنوان سے منعقدہ تقریب میں کارپوریٹ سیکٹر سے وابستہ معروف شخصیات اور پولیس افسران نے شرکت کی۔ تقریب میں ایڈیشنل آئی جی کراچی، اسپیشل برانچ، ڈی آئی جیز ٹریفک کراچی، اسپیشل ....بقیہ صفحہ 3 نمبر9

کراچی: آئی جی سندھ جاوید عالم اوڈھو تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

میمنی زبان کے مترجم یونس ابراہیم کی ریاض شاہ سے ملاقات

مستند اردو تراجم کو میمنی زبان میں منتقل کرنا ایک مثبت اور قابل قدر اقدام ہے، صوبائی وزیر

کراچی(اسٹاف رپورٹر)صوبائی وزیر اوقاف، مذہبی امور، زکوٰۃ وعشر سندھ سید ریاض حسین شاہ شیرازی سے میمنی زبان کے مترجم محمد یونس ابراہیم چھوٹانی نے ان کے دفتر میں ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران مترجم نے اردو کے مستند تراجم کنزالایمان اور فتح الحمید کو پہلی مرتبہ رومن میمنی زبان میں منتقل کیے گئے قرآن پاک کے نسخے صوبائی وزیر کو پیش کیے۔ انہوں نے آگاہ کیا کہ میمنی زبان کا باقاعدہ رسم الخط موجود نہیں تھا، تاہم اس علمی ضرورت کو مدنظر رکھتے ہوئے رومن میمنی رسم الخط ....بقیہ صفحہ 3 نمبر23

صوبائی وزیر ریاض حسین شاہ شیرازی سے میمنی زبان کے مترجم محمد یونس ابراہیم چھوٹانی ملاقات کر رہے ہیں

سینئر فوٹو جرنلسٹ قاضی ناصرالدین کیساتھ ڈکیتی کی واردات

لیاقت آباد میں تین مسلح افراد نے اسلحے کے زور پر موبائل اور نقدی چھین لی، ملزمان فرار

کراچی(اسٹاف رپورٹر)لیاقت آباد میں سینئر فوٹو جرنلسٹ ممبر کراچی پریس کلب قاضی ناصرالدین لٹ گئے، تین مسلح افراد نے اسلحے کے زور پر موبائل اور نقدی چھین لی، کراچی: واردات لیاقت آباد پل کے قریب پیش آئی، ملزمان ....بقیہ صفحہ 3 نمبر22

معروف پاکستانی اداکارہ ماہرہ خان کی ہارورڈ پاکستان کانفرنس میں شرکت، ملک کا نام روشن

کیمبرج(ویب ڈیسک)معروف پاکستانی اداکارہ ماہرہ خان نے امریکا کی ہارورڈ یونیورسٹی میں منعقدہ پاکستان کانفرنس میں شرکت کر کے پاکستان کا نام عالمی سطح پر نمایاں کیا۔ تفصیلات کے مطابق ہارورڈ یونیورسٹی میں پاکستان سٹوڈنٹس ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام منعقد ہونے والی اس کانفرنس میں پاکستان کی سیاسی، تعلیمی، کاروباری اور شوبز شخصیات نے ....بقیہ صفحہ 3 نمبر19

ملک میں فی تولہ سونا مزید 1400روپے مہنگا ہوگیا

کراچی(ویب ڈیسک)ملک میں فی تولہ سونا مزید1400روپے مہنگا ہوگیا۔ آل پاکستان صرافہ جیمز اینڈ جیولرز ایسوسی ایشن کے مطابق1400روپے اضافے سے ملک میں فی تولہ سونے کا بھاؤ5لاکھ 4 ہزار 862روپے ہوگیا ....بقیہ صفحہ 3 نمبر41

پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما سردار لقمان پالاری کچھ عرصہ علالت کے بعد انتقال کر گئے،

نماز جنازہ میں سیاسی، سماجی اور قبائلی شخصیات کی شرکت

کراچی(اسٹاف رپورٹر)نوری آباد کوہستان کی اہم شخصیت اور پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما سردار لقمان پالاری کچھ عرصہ علالت کے بعد انتقال کر گئے۔ مرحوم سردار لقمان پالاری کی نماز جنازہ نوری آباد کے قریب گاؤں ملکو خان پالاری میں ادا کی گئی، جس میں مختلف سیاسی، سماجی اور قبائلی شخصیات نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ نماز جنازہ میں بلوچ قوم پرست رہنما سردار اختر مینگل، پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما ملک وحید خان، صوبائی وزیر سید ریاض حسین شاہ شیرازی، ایم پی اے ڈاکٹر سکندر شورو، ایم این اے ملک اسد، ایم پی اے ملک سکندر خان، شفقت شاہ شیرازی سمیت کوہستان کی مختلف برادریوں کے افراد اور نوری آباد کے صنعتکاروں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ مرحوم کے بیٹوں اور اہل خانہ سے تعزیت کا سلسلہ جاری ہے، جبکہ علاقے میں سوگ کی فضا قائم ہے۔

ایران ایٹمی ہتھیار نہ بنانے کا اعلان کر چکا، اضافی شرائط قبول نہیں، ایرانی سفیر

اسلام آباد(ویب ڈیسک)ایرانی سفیر رضا امیری مقدم نے کہا کہ ایران پہلے ہی دنیا کے سامنے اعلان کر چکا ہے کہ وہ ایٹمی ہتھیار بنانا نہیں چاہتا اور اس موقف کو کسی معاہدے کی شکل دینے کے لیے بھی تیار ہے، تاہم کسی بھی اضافی مطالبات یا شرائط کو قبول نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ پہلے دور میں بھی مکمل تیاری موجود تھی اور کسی نتیجے تک پہنچا جا سکتا تھا، تاہم امریکی وفد ماضی کی ....بقیہ صفحہ 3 نمبر40

وزیر توانائی

درآمدی گیس بند ہونے سے عارضی لوڈشیڈنگ بحران جلد حل ہو جائیگا

خطے کی صورتحال کے باعث موجودہ حالات کا سامنا ہے، دیگر ملکوں کی نسبت پاکستان کی صورتحال کافی بہتر ہے، ہم نے پاکستان کو ہمیشہ کے لیے اندھیروں سے نکالا

عوام کے سامنے لوڈشیڈنگ سے متعلق حقائق رکھنا چاہتا ہوں، پیک آورز میں لوڈشیڈنگ پر معذرت خواہ ہوں، پیک آورز میں گیس سے بجلی کی پیداوار نہیں کر سکتے

اسلام آباد(ویب ڈیسک)وفاقی وزیر برائے توانائی سردار اویس احمد خان لغاری نے کہا ہے کہ کم اپریل سے درآمدی گیس بند ہے جس کے باعث یہ عارضی لوڈشیڈنگ ہے، پوری امید ہے چند دنوں کیا اندر بحران حل ہو جائے گا۔ نیوز کانفرنس کرتے ہوئے وفاقی وزیر برائے توانائی سردار اویس احمد خان لغاری کا کہنا تھا کہ عوام کے سامنے لوڈشیڈنگ سے متعلق حقائق رکھنا چاہتا ....بقیہ صفحہ 3 نمبر1

وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا سہیل آفریدی کے ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری

اسلام آباد (ویب ڈیسک)اسلام آباد کی عدالت نے ریاستی اداروں پر الزامات لگانے کے کیس میں عدم حاضری پر وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا سہیل آفریدی کے ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری کردیے۔ ڈسٹرکٹ اینڈ ....بقیہ صفحہ 3 نمبر10

کراچی میں گیس بحران، سلنڈر کی قیمتیں آسمان سے باتیں کرنے لگیں

شہری متبادل کے طور پر گیس سلنڈر استعمال کرنے پر مجبور، بڑھتی قیمتوں نے عوام کو پریشان کر دیا

کراچی (ویب ڈیسک) گیس کے بحران کے باعث سلنڈر کی قیمت آسمان سے باتیں کرنے لگی ہیں۔ نجی ٹی وی کے مطابق کراچی میں گیس کی بندش میں شدت کے بعد لوگوں نے گیس سلنڈر کی دکانوں کا رخ کیا مگر وہاں قیمتیں سن کر شہریوں کے ہوش اڑ گئے۔ طویل اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ نے شہریوں کی زندگی اجیرن کر دی ہے۔ شہری متبادل کے طور پر گیس سلنڈر استعمال کرنے پر مجبور ہیں لیکن بڑھتی قیمتوں نے عوام کو پریشان کر دیا ہے۔ مارکیٹ میں کہیں فائبر کے تو کہیں لوہے کی چادر ....بقیہ صفحہ 3 نمبر2

صوبائی وزیر شاہینہ شیر علی سے سیکریٹری ناصر عباس سومرو کی ملاقات

کراچی(اسٹاف رپورٹر)صوبائی وزیر ترقی نسواں سندھ شاہینہ شیر علی سے محکمے کے نئے سیکریٹری ناصر عباس سومرو نے ملاقات کی۔ ملاقات میں انتظامی امور، جاری اقدامات اور مستقبل میں محکمے کی بہتری سے متعلق لائحہ عمل پر ....بقیہ صفحہ 3 نمبر3

آزاد کشمیر پولیس کارروائی، را کا نیٹ ورک بے نقاب، کارندہ گرفتار

پولیس کی مؤثر کارروائی کے نتیجے میں دشمن کے مذموم عزائم ناکام بنا دیے گئے، جبکہ اس کارروائی کے دوران ایک مکمل نیٹ ورک بھی بے نقاب ہوا ہے

گرفتار ملزم کی شناخت عرفان کے نام سے ہوئی ہے، جو حساس مقامات کی ریکی کرتا اور ویڈیوز بنا کر معلومات منتقل کرتا رہا، آئی جی پولیس آزاد جموں وکشمیر

مظفرآباد(ویب ڈیسک) آزاد کشمیر پولیس نے کارروائی کر کے بھارتی خفیہ ایجنسی را کے لئے کام کرنے والے کارندے کو گرفتار کر لیا۔ آئی جی پولیس آزاد جموں وکشمیر کیپٹن (ر) لیاقت علی ملک نے نیوز کانفرنس میں بتایا ہے کہ راولاکوٹ پولیس نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے بھارتی خفیہ ایجنسی را کے لیے کام کرنے والے مبینہ کارندے کو گرفتار کیا ہے، گرفتار ملزم کی شناخت ....بقیہ صفحہ 3 نمبر11

کراچی: پاکستان نیوی نے بحیرہ عرب میں مقامی سطح پر تیار کردہ جہاز سے لانچ کیے جانے والے اینٹی شپ میزائل کی کامیاب لائیو فائرنگ کی

نمک کے زیادہ استعمال سے یادداشت متاثر ہو سکتی ہے، تحقیق

کراچی(ویب ڈیسک) کیا آپ کھانے میں زیادہ نمک پسند کرتے ہیں تو یہ عادت یادداشت کے لیے تباہ کن ثابت ہو سکتی ہے، خاص طور پر مردوں کے لیے۔ یہ بات آسٹریلیا میں ہونے والی ایک طبی تحقیق میں سامنے آئی۔ ایڈتھ کوون ....بقیہ صفحہ 3 نمبر24

کراچی: ندی کنارے ڈمپ کی گئی 20 من چھالیہ و بھارتی گٹکا برآمد

کراچی (ویب ڈیسک)موچکو چیک پوسٹ کے قریب ندی کے کنارے ڈمپ کی گئی 20من سے زائد چھالیہ اور انڈین گٹکا پولیس نے برآمد کر لیا۔ پولیس کے مطابق برآمد کی گئی چھالیہ اور گٹکا کچے راستے سے اسمگل کرنے کے لیے ندی کنارے ڈمپ کیا گیا تھا۔ برآمد مال کو ....بقیہ صفحہ 3 نمبر33

9 مئی مقدمات: فواد چودھری کی عبوری ضمانت میں توسیع

لاہور(ویب ڈیسک)انسداد دہشت گردی عدالت لاہور میں نو مئی جلاؤ گھیراؤ کے پانچ مقدمات میں سابق وفاقی وزیر فواد چودھری کی عبوری ضمانت کی درخواستوں پر سماعت ہوئی۔ نجی ٹی وی کے مطابق سماعت کے دوران عدالت ....بقیہ صفحہ 3 نمبر21

چین کے وزیر خارجہ کا ایرانی ہم منصب سے رابطہ، آبنائے ہرمز کی بحالی کا پیغام پہنچا دیا

بیجنگ (ویب ڈیسک)چین کے وزیر خارجہ وانگ یی نے اپنے ایرانی ہم منصب کو بتایا ہے کہ آبنائے ہرمز کو دوبارہ کھولنا بین الاقوامی برادری کا متفقہ مطالبہ ہے، عالمی برادری آبنائے ہرمز کی بحالی چاہتی ہے۔ بی بی سی کے ....بقیہ صفحہ 3 نمبر20

کوئی نہیں جانتا پاکستان کو کب تک غیرملکی امداد پر انحصار کرنا ہے؟ سعد رفیق

24 کروڑ آبادی کی حامل نیوکلیئر ریاست مستقل قرضوں سے نہیں چلائی جا سکتی، خواجہ سعد رفیق

لاہور(ویب ڈیسک)لیگی رہنما خواجہ سعد رفیق کا کہنا ہے یو اے ای کے ساڑھے 3ارب ڈالر کی واپسی پر سعودی عرب اور قطر کی جانب سے فوری مالی اعانت نے پاکستان کیلئے فارن ریزروز کا بحران پیدا نہیں ہونے دیا، اس حوالہ سے وزارت خزانہ کی فنانشل ....بقیہ صفحہ 3 نمبر15

جلاؤ گھیراؤ مقدمات؛ علیمہ اور عظمیٰ خان کی عبوری ضمانت میں 7 مئی تک توسیع

لاہور(ویب ڈیسک) جلاؤ گھیراؤ مقدمات میں علیمہ اور عظمیٰ خان کی عبوری ضمانت میں 7 مئی تک توسیع کر دی گئی۔ نجی ٹی وی چینل کے مطابق اے ٹی سی لاہور میں سانحہ 9 مئی کے جلاؤ گھیراؤ مقدمات میں علیمہ خان اور عظمیٰ خان ....بقیہ صفحہ 3 نمبر14

بانی پی ٹی آئی سے جیل میں کوئی ملنے نہیں آیا، ملاقات کا وقت ختم

راولپنڈی(ویب ڈیسک)بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کا مقررہ وقت ختم ہوگیا، آج کوئی رہنما بانی سے ملنے کیلئے اڈیالہ جیل نہیں آیا۔ سینئر پارٹی لیڈر شپ کی فہرست جیل حکام کو بھیجی گئی تھی، پی ٹی آئی نے 6رہنماؤں کی فہرست ....بقیہ صفحہ 3 نمبر16

شدید گرمی، کراچی میں لوڈشیڈنگ کا دورانیہ 10 گھنٹے سے تجاوز کر گیا

گارڈن، لیاری، نارتھ کراچی، نیوکراچی، ملیر، کورنگی، اورنگی ٹاؤن، منگھوپیر، سرجانی ٹاؤن اور سہراب گوٹھ میں لوڈشیڈنگ جاری

میٹرک امتحانات کے دوران متعدد امتحانی مراکز پر بھی لوڈشیڈنگ، امیدواروں کو پرچہ حل کرنے میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑا

کراچی(ویب ڈیسک)شدید گرمی میں کراچی کے مختلف علاقوں میں لوڈشیڈنگ کا دورانیہ 10 گھنٹے سے تجاوز کر گیا۔ گارڈن، لیاری، نارتھ کراچی، نیوکراچی، ملیر، کورنگی اور اورنگی ٹاؤن میں لوڈشیڈنگ کی جا رہی ہے۔ اس کے علاوہ منگھوپیر، سرجانی ٹاؤن اور سہراب گوٹھ میں بھی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ جاری ہے۔ میٹرک امتحانات کے دوران متعدد امتحانی مراکز پر بھی لوڈ ....بقیہ صفحہ 3 نمبر17

کراچی: وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ معذور افراد میں چیک تقسیم کر رہے ہیں

سندھ حکومت: معذور افراد کو بااختیار بنانے کیلئے 800 ملین روپے جاری

درست سپورٹ سسٹم کے ساتھ، معذور افراد معاشرے اور معیشت میں فعال کردار ادا کر سکتے ہیں، وزیراعلیٰ

کراچی(اسٹاف رپورٹر)وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے معذور افراد کو معاون آلات کی فراہمی کے لیے 105 پارٹنر تنظیموں اور این جی اوز (NGOs) میں 800 ملین روپے تقسیم کیے اور اس اقدام کو شمولیت، وقار اور مساوی مواقع کی جانب ایک اہم قدم قرار دیا۔ محکمہ بااختیار افراد باہم معذوری (DEPD) کے زیر اہتمام وزیراعلیٰ ہاؤس میں منعقدہ تقریب سے ....بقیہ صفحہ 3 نمبر6

سی ڈی اے ہزاروں لوگوں کو بے دردی کے ساتھ چھت سے محروم کر رہی ہے، مصطفیٰ نواز کھوکھر

اسلام آباد(ویب ڈیسک)سابق سینیٹر مصطفیٰ نواز کھوکھر کا کہنا ہے وفاقی دارالحکومت کے منتخب نمائندوں نے یہاں کے عوام کو بے آسرا چھوڑ دیا۔ جس سی ڈی اے کے بارے میں وزیر داخلہ خود کہتے ہیں کہ رشوت کے بغیر کام نہیں کرتی، آج ....بقیہ صفحہ 3 نمبر5

نواز شریف نے ٹکٹوں کے فیصلے کیلئے پارلیمانی بورڈ تشکیل دے دیا

23 رکنی پارلیمانی بورڈ میں نواز شریف، شہباز شریف، اسحاق ڈار، احسن اقبال شامل ہیں

مظفرآباد(ویب ڈیسک) آزاد جموں وکشمیر میں انتخابات کی تیاریاں عروج پر پہنچ گئیں۔ صدر مسلم لیگ ن نواز شریف نے ٹکٹوں کے فیصلے کیلئے پارلیمانی بورڈ تشکیل دے دیا، 23رکنی پارلیمانی بورڈ میں نواز شریف، شہباز شریف، اسحاق ڈار، احسن اقبال شامل ہیں۔ خواجہ آصف، ....بقیہ صفحہ 3 نمبر4

لاہور میں ریلوے اسٹیشن کے قریب تعمیرات کی نگرانی مقامی حکومت کا محکمہ کر رہا ہے

لاہور سے راولپنڈی تک پاکستان کی پہلی فاسٹ ٹرین چلانے کا فیصلہ

حکومتِ پنجاب اس منصوبے کے لیے نئے انجن اور عالمی معیار کی جدید ترین کوچز فراہم کرے گی

لاہور (ویب ڈیسک) لاہور سے راولپنڈی کے لیے پاکستان کی پہلی فاسٹ ٹرین چلانے کا فیصلہ کر لیا گیا، جس سے سوا دو گھنٹے میں سفر طے ہوگا۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف اور وفاقی وزیرِ ریلوے حنیف عباسی نے ایک تاریخی قرارداد مفاہمت پر دستخط کر دیے ہیں، جس کے تحت پنجاب میں ریلوے ٹرانسپورٹ کے ایک نئے اور جدید عہد کا آغاز ہونے جا رہا ہے۔ اس منصوبے کے تحت پنجاب کے 20 ریجنز میں 1415 کلومیٹر طویل روٹس پر جدید ترین ٹرینیں ....بقیہ صفحہ 3 نمبر12

گورنمنٹ بوائز ہائر سیکنڈری اسکول جیل روڈ میں طلبا نے میٹرک کے امتحانات میں شرکت کی

محکمہ خوراک سندھ میں بدعنوانی پر 8 ضلعی فوڈ کنٹرولرز عہدوں سے ہٹا دیے گئے

صوبائی وزیر خوراک مخدوم محبوب الزمان کا کرپشن اور بدعنوانی میں ملوث افسران کے خلاف کارروائی کی گئی

کراچی (اسٹاف رپورٹر)صوبائی وزیر خوراک مخدوم محبوب الزمان کی ہدایت پر محکمہ خوراک سندھ میں کرپشن اور بدعنوانی میں ملوث افسران کے خلاف بڑا ایکشن لیتے ہوئے کئی ضلعی فوڈ کنٹرولرز کو فوری طور پر عہدوں سے ہٹا دیا گیا ہے۔ محکمہ خوراک کی جانب سے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق متعلقہ افسران کو فوری طور پر محکمہ خوراک سیکریٹریٹ رپورٹ کرنے کی ہدایت بھی جاری کر دی گئی ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق حاکم علی مہر ڈسٹرکٹ فوڈ کنٹرولر شکارپور، خادم علی شر ڈسٹرکٹ فوڈ ....بقیہ صفحہ 3 نمبر13

بابر اعظم نے ایک اور اہم سنگ میل عبور کرتے ہوئے ٹی ٹوئنٹی کرکٹ میں اپنی 100 ویں نصف سنچری مکمل کر لی

لاہور(ویب ڈیسک)پاکستانی بیٹر بابر اعظم نے ایک اور اہم سنگ میل عبور کرتے ہوئے ٹی ٹوئنٹی کرکٹ میں اپنی 100ویں نصف سنچری مکمل کر لی۔ پشاور زلمی کے کپتان بابر اعظم نے یہ کارنامہ کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کے خلاف میچ میں سرانجام دیا جہاں وہ 71رنز بنا کر ناٹ آؤٹ رہے اور پشاور زلمی نے کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کو 8وکٹوں سے شکست دی۔ اس سے قبل ....بقیہ صفحہ 3 نمبر18